تاریخ ہند پر نئی روشنی

(عربی کی ایک قلمی کتاب سے)

ترجمہ از

خورشید احمد فارق

اُستاد ادبیات عربی۔ دلّی یونیورسٹی

ناشر

ندوۃ المصنفین اردو بازار دھلی

سلطان محمد بن تُغلق کے
صوبے
ملتان
لاہور
اُچ
سرستی
سامانا
کلانور
دہلی
کہرام
بداؤن
قنوج
کرہ
لکنوتی
مالوہ
گجرات
جاج نگر
دیوگیر
سندان
سوپارہ
بمبئی
صیمور
صندابور (گوا)
کولم

Marfat.com

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تعارف

کتاب کا نام مَسالِکُ الأبصار فی ممالک الأمصار ہے، مؤلف ابن فضل اللہ عُمَری ہیں جو ۷۰۰ھ میں بمقام دِمشق پیدا ہوئے اور وہیں تعلیم پائی پھر حکومتِ وقت سے تعلق پیدا ہوا اور جج نیز سکریٹری کے معزز عہدوں پر فائز رہے، عُمَری کہلانے کی وجہ یہ ہے کہ اُن کا نسب عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے ملتا تھا، اڑتالیس سال کی عمر میں وفات پائی، ادب اور انشاء میں خاص استیاز حاصل کیا، اُن کے ہمعصر صلاح الدین صَفَدی مصنف الوافی بالوَفَیات (متوفی ۷۶۴ھ) کی رائے ہے کہ انشائے مراسلت میں مصر کے مشہور اور صاحبِ طرز قاضی فاضل (م ۵۹۶ھ) سے بھی بازی لے گئے تھے۔ صَفَدی نے اُن کے حافظہ، ذہانت، ادبی لیاقت اور نظم و نثر میں ان کی مہارت کی بڑے جوش بھرے الفاظ میں تعریف کی ہے:

"خدا نے اُن کو ایسی چار نعمتیں عطا کی تھیں جو میں نے کسی دوسرے میں یکجا نہیں دیکھیں: حافظہ ایسا تھا کہ جو چیز ان کی نظر سے گذر جاتی اس کا بیشتر حصہ ان کے سینہ میں محفوظ رہتا، یادداشت اس پایہ کی تھی کہ پُرانی باتیں اُن کے ذہن میں اس طرح عود کر آتیں گویا کل گذری ہوں، ذہانت کا یہ عالم تھا کہ مشکل سے مشکل بات کی تہ تک پہنچ جاتے تھے، نثر و نظم دونوں کے لئے طبیعت خوب موزوں تھی، رہا تخیل تو اس کی پرواز میں قاضی فاضل سے سبقت لے گئے تھے، اور سُرعتِ

Marfat.com

ادراک ہیں تو میں نہیں سمجھتا ان کا کوئی ہمسر ہو' نظم میں چند شاعر ہی ان کے رُتبہ کے ہوئے ہیں۔" (فوات الوفیات تالیف ابن شاکر کتبی مصر ۱/۸)

مسالک الأبصار عام معلومات یا جنرل نالج کی بہت ضخیم کتاب ہے جو بقول صَفَدی مؤلف نے بڑی تقطیع کی بیس جلدوں میں لکھی تھی اور جس کا فوٹو نسخہ اس وقت تینتالیس جلدوں میں مصر کی قومی لائبریری میں محفوظ ہے۔ عربی میں جنرل نالج پر تصنیف کی ابتدا تیسری صدی ہجری میں ہوئی' اس کا محرک سرکاری ملازمین بالخصوص سکریٹریوں اور وزیروں کی معلومات میں وسعت' ہمہ گیری اور توازن پیدا کرنا تھا ابن قُتیبہ (م ۲۷۰ھ) کی عُیون الأخبار اس صنف کی اولین تصنیف ہے' آٹھویں صدی ہجری کے دو ہم عصر ادیبوں نے جنرل نالج پر دو بڑی کتابیں لکھیں۔ نُوَیری (م ۷۳۲) نے نہایۃ الأرب فی فنون العرب اور ابن فضل اللہ عُمَری نے زیادہ وسیع پیمانہ پر مسالک الأبصار۔ اس کتاب میں مؤلف نے بہت سی بکھری ہوئی معلومات یکجا کردی ہیں۔ بالفاظ دیگر مسالک کوئی طبعزاد کتاب نہیں ہے بلکہ اس کا اکثر مواد پچھلے مصنفوں سے مستعار لیا گیا ہے۔ ان مصنفوں کی بیشتر کتابیں اب نایاب ہیں۔ اس کے علاوہ کتاب کا ایک قلیل حصہ خود مؤلف کے ذاتی آرا' مشاہدات یا ہمعصر اشخاص مثلاً سیاحوں' سفیروں اور معلموں کے بیانات پر مبنی ہے' ہندوستان پر اُن کا جو طویل باب ہے وہ بیشتر زبانی معلومات پر مشتمل ہے۔ مؤلف نے کتاب کو دو بڑے حصوں میں تقسیم کیا ہے' ایک حصہ میں ملکوں کے جغرافیہ' شاہراہوں' ہواؤں' خشکی اور سمندر کے عجائبات اور بڑے بڑے شہروں کی جائے وقوع کا ذکر ہے' دوسرے میں دُنیا کے حیوانات' جمادات اور اقوام کا' حیوانات میں چرندوں' پرندوں' ..... کیڑے مکوڑوں کا' جمادات میں غلّوں' پھلوں' ترکاریوں اور کانوں کا' اقوام میں شرق و غرب کے نئے پُرانے بسنے والوں کا' مؤلف نے اسلامی دنیا کے مشہور سیاسی اور اداری شخصیتوں' طبیبوں' عالموں اور فقیہوں کے سوانح اور حالات بھی دیئے ہیں' اور ہر ملک کی تاریخ ۷۴۴ھ تک بیان کی ہے۔ چنگیز خانی مغلوں' ہندستانیوں' ترکوں اور کُردوں کے حالات خاص اہتمام اور تفصیل سے پیش کئے ہیں۔" (تاریخ آداب اللغۃ العربیہ' جرجی زیدان مصر ۱۹۳۱ء ۳/۲۲۷)

صفدی لکھتے ہیں :-

"چنگیزی مغلوں نیز ہندی و ترکی بادشاہوں کی تاریخ سے ان جیسا کوئی واقف نہ تھا، اسی طرح مختلف ملکوں کے جغرافیہ، پیداوار، خصائص، اور اُن کی شاہراہوں کے علم میں بھی وہ یگانۂ وقت تھے" (فوات الوفیات ۱/۸)

قاہرہ کے دار الکتب میں مسالک الأبصار کے دو نسخے ہیں، ایک مصوّر یعنی بشکل فوٹو ستائیس جلدوں میں، دوسرا ہاتھ کا لکھا، دونوں میں کتابت کی خوب خوب غلطیاں ہیں اور وہ حصّہ زیادہ مسخ ہے جس میں ہندوستان کا ذکر ہے، اس کے علاوہ دونوں میں مضمون کی کمی بیشی، تقدیم و تاخیر اور لفظی اختلاف بھی ہے۔

مولف نے ہندوستان پر ایک مستقل باب قلمبند کیا ہے جسمیں اپنے ہمعصر سلطان محمد بن تغلق (۷۲۵ - ۷۵۲ھ چودھویں صدی عیسوی) کے حالات اور سیرت پر سیاحوں، معلّموں اور سفیروں کی زبانی روشنی ڈالی ہے۔ ممکن ہے ان لوگوں کے بعض بیانات مثلاً وہ جن کا تعلق تغلق شاہ کی فیاضی اور فوج کے اعداد و شمار اور تنخواہوں سے ہے، مبالغہ یا سہو سے آلودہ ہوں، تاہم بحیثیت مجموعی یہ باب نہایت اہم ہے کیونکہ اس میں ایسی نادر تاریخی، اجتماعی اور اقتصادی معلومات ہیں جن سے خود ہندوستان میں لکھی تاریخوں کا دامن خالی ہے، اس کے علاوہ اس باب میں تغلق شاہ کی آئینِ جہانداری اور پبلک سیرت کی ایک ایسی تصویر بھی نظر آتی ہے جو اُس تصویر سے بہت مختلف ہے جو بعض ہمعصر مورخوں نے اُن سے ذاتی ناراضگی یا فقہی و مسلکی اختلاف کی بنا پر پیش کی ہے۔ اس مستقل باب کے علاوہ کتاب میں اور خاص طور پر اس کے دوسرے حصہ میں ایسی دلچسپ معلومات ہیں جو یعنی شاہد یا موجودہ وقت میں نایاب کتابوں سے لی گئی ہیں اور جن سے قرونِ وسطیٰ کے ہندی رسم و رواج، کلچر و عقائد کے چہرہ کے بہت سے خط و خال واضح ہو جاتے ہیں۔

خورشید احمد فارق
دسمبر ۶۱ء

۱- سلطنتِ ہند و سندھ

یہ ایک عظیم الشان سلطنت ہے، روئے زمین پر کوئی دوسری سلطنت نہ تو وسعتِ حدود اور نہ کثرتِ دولت و لشکر میں اس کا مقابلہ کر سکتی ہے اور نہ سفر و حضر میں اس کے بادشاہ کے ٹھاٹ باٹ

اور اس کے پایۂ تخت کی شان و شوکت ہیں، ساری دنیا میں اِس سلطنت کا شہرہ ہے، میں اس کے بارے میں جو خبریں سنتا اور کتابوں میں جو حالات پڑھتا وہ مجھے بھاتے اور میرے اوپر اثر ڈالتے لیکن یہ سلطنت چونکہ بہت دور تھی، اس لئے متعلقہ خبروں کی توثیق سے قاصر تھا۔ جب میں نے مسالک الأبصار لکھنا شروع کی اور ثقہ راویوں سے حالات دریافت کئے تو میں نے جو سُنا تھا اور اُس کے بارے میں جو رائے قائم کی تھی اُس سے اُسے بہت بڑھا چڑھا پایا، مختصر یہ سمجھ لو کہ اس سلطنت کے سمندر میں موتی ہوتے ہیں، خشکی میں سونا، پہاڑوں میں یاقوت و الماس، وادیوں میں صندل و کافور، شہروں میں بادشاہوں کے تخت ہیں، یہاں ہاتھی اور گینڈا جیسے بڑے اور عجیب جانور پائے جاتے ہیں، اس کے اسٹیل سے مشہور ہندی تلواریں بنتی ہیں، یہاں لوہے، پارہ اور سیسے کی کانیں ہیں، یہاں کا ایک بو دار زعفران ہے، اس کی بعض وادیوں میں بلّور ملتا ہے، یہاں انسانی منافع کے وسائل فراواں ہیں، چیزوں کے نرخ سستے ہیں، فوج بے شمار ہے اور شاہی غلام بے اندازہ، یہاں کے لوگ دانا اور فلسفی عقل ہوتے ہیں، خواہشات نفس پر قابو رکھنے، نیز دیوتاؤں اور بادشاہوں کی خوشنودی یا تقرب کے لئے بے دریغ جان دینے میں ان کی مثال نہیں ملتی۔

اپنی کتاب تحفۃ الألباب میں (اندلسی مؤلف) محمد بن عبدالرحیم غرناطی نے لکھا ہے
"ہند اور چین میں شاندار حکومتیں ہیں، یہاں خوب انصاف ہوتا ہے، خدا نے بڑی بڑی نعمتیں ان کو عطا کی ہیں، یہاں کی سیاست و حکومت عمدہ ہے، لوگ خوشحال ہیں اور امن و عافیت کی زندگی بسر کرتے ہیں، فلسفہ، طب، ہیئت اور اعلیٰ قسم کی دستکاریوں میں اہل ہند سب قوموں سے بازی لے گئے ہیں، ہند کے پہاڑوں اور جزیروں میں صندل و کافور پیدا ہوتا ہے اور ہر قسم کی خوشبودار بوٹیاں جیسے لونگ، جائفل، بالچھڑ، دارچینی تج، بید کا خوشبودار تیل، الائچی، کبابہ، جاوتری اور مختلف قسم کی طبی جڑی بوٹیاں، مُشکی ہرن اور زباد بلی بھی پائی جاتی ہے، یہاں لیکن زیادہ تر لنکا میں مختلف قسم کے یاقوت کی کانیں ہیں"

۲۔ شاہ ہند کا خلیفہ عمر بن عبدالعزیز کو مراسلہ

ابن عبدربہ نے اپنی عقدُ الفرید میں نُعیم بن حَماد کی سند پر بیان کیا ہے کہ آٹھویں صدی عیسوی کے رُبع اوّل میں شاہ ہند نے عمر بن عبدالعزیز (۹۹ - ۱۰۱ھ) کو ایک مراسلہ بھیجا جس کا مضمون یہ تھا:۔

"شاہ شاہان کی طرف سے جو ہزار بادشاہوں کا بیٹا ہے اور جس کی بیوی ہزار شاہوں کی بیٹی ہے، جس کے اصطبل میں ہزار ہاتھی ہیں، جس کے دو دریا ہیں جن کے دامن میں ناریل پیدا ہوتا ہے اور ایسا عود وکافور جس کی مہک بارہ میل دور تک جاتی ہے، اُس عرب سلطان کے نام جو خدا کی ذات واختیار میں کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا، واضح ہو کہ میں آپ کی خدمت میں ایک تحفہ بھیج رہا ہوں، تحفہ کیا سلام و آداب، میری خواہش ہے کہ آپ میرے پاس کوئی عالم بھیجیں جو مجھے اسلام کی تعلیم سمجھا دے۔ والسّلام"

۳۔ تغلق شاہ کی سلطنت کے حدود

مجھے شیخ عارف، بقیہ سلف کرام، مبارک بن محمود انباتی نے بتایا جو بڑے ثقہ ہیں اور جن کو شاذان حاجب خاص کی اولاد میں ہونے کا شرف حاصل ہے اور جن کے بیانات چونکہ وہ اور اُن کے اسلاف اس ملک کے چھوٹے بڑے سلاطین کے مقرب رہے ہیں صحیح معلومات پر مبنی ہیں کہ یہ سلطنت بے حد لمبی چوڑی ہے، درمیانہ چال سے تین برس چاہئیں اس کی لمبائی اور چوڑائی طے کرنے کے لئے، اس کا عرض لنکا سے براہ سومنات غزنہ تک ہے اور طول عدن کے سامنے والے بندرگاہ[۲] سے

---

[۱] شاید وِنیادِت دکن کا چالوکیا تاجدار مراد ہے جس نے ۶۹۶ سے ۷۳۳ء عیسوی تک حکومت کی اور جو عمر بن عبدالعزیز کا ہمعصر تھا

[۲] غالباً کولم جو موجودہ ریاست کیرالا میں واقع ہے۔

جہاں بحرِ ہند کی حد بحرِ محیط سے ملتی ہے، سدِّ سکندر تک، اس ملبے چوڑے رقبہ میں بڑے شہروں کا ایک جال بچھا ہے جہاں شاہی نمائندے اور تخت نشین حاکم رہتے ہیں، جہاں ضلعے، قصبے، گاؤں، تعلقے اور بازار ہیں، جہاں ہر طرف آبادی اور زراعت ہے۔ شیخ مبارک کی رائے، کہ اس سلطنت کی لمبائی تین سال کی مسافت کے بقدر ہے، غور طلب ہے کیونکہ اتنی مسافت تو کل آباد دنیا کی بھی نہ ہوگی ہاں اگر ان کا مطلب یہ ہے کہ اس کے سارے شہروں کا گشت کرنے کے لئے تین سال درکار ہیں تب کوئی اعتراض پیدا نہیں ہوتا۔

شیخ مبارک نے بتایا کہ اہل قراجل (کماؤں پہاڑ) سلطان دہلی کے تابع فرمان ہیں، انھوں نے ایک مقررہ خراج کے مقابلہ میں سلطان سے عارضی صلح کرلی ہے، قراجل پہاڑوں میں سونے کی سات کانیں ہیں، جن سے بے شمار دولت حاصل ہوتی ہے۔

خشکی اور سمندر کی یہ بڑی سلطنت چند غیر مفتوحہ جزیروں کو چھوڑ کر موجودہ سلطان دہلی (محمد بن تغلق) کے قبضہ میں ہے، ساحل کی ایک بالشت زمین بھی ایسی نہیں جس پر اس کا عمل دخل نہ ہو، اس سلطنت کے سارے طول و عرض میں اُس کا سکہ چلتا ہے اور اس کے نام پر خطبہ پڑھا جاتا ہے اور کہیں اس کا کوئی حریف نہیں۔

۴۔ تغلق شاہ کی فتوحات

شیخ مبارک :۔ میں بڑی بڑی فتوحات میں سلطان (محمد بن تغلق) کے ہمرکاب رہا، مختصراً کچھ چشم دید حالات بیان کرتا ہوں، سلطان نے سب سے پہلے اوڑیسہ (جاج نگر) فتح کیا۔ یہاں ستر شاندار شہر ہیں، سب کے سب ساحل سمندر پر، جاج نگر کی آمدنی کا ذریعہ جواہرات، ہاتھی، مختلف قسم کا سوتی کپڑا، عطر اور خوشبودار جڑی بوٹیاں ہیں، اس کے بعد بنگال (لکنوتی) فتح کیا، یہاں نو راجاؤں کی حکومت تھی، اس کے بعد دیوگیر (موجودہ مہاراشٹر) جہاں چوراسی زبردست قلعے ہیں، شیخ برہان الدین ابوبکر خلال بزّی کی رائے ہے کہ صوبہ دیوگیر میں بارہ لاکھ گاؤں ہیں، بزّی کے اس

Marfat.com
Marfat.com

قول کے بعد اب ہم شیخ مبارک کا بیان جاری رکھتے ہیں : دیوگیر کے بعد سلطان نے دور سمندر (موجودہ میسور) کا صوبہ فتح کیا' یہاں سلطان بلال دیوا اور پانچ غیر مسلم راجاؤں کی حکومت تھی' اس کے بعد معبر (موجودہ ریاست مدراس) فتح کیا' اس شاندار علاقہ میں نوے بندرگاہ ہیں' اس کی آمدنی کا انحصار عطریات' خوشبودار اشیاء' لاس ریشم' سوتی پارچہ اور غیر ملکی عمدہ اور نادر مصنوعات پر ہے۔

۵۔ تغلق شاہ کے صوبے

فقیہ علامہ سراج الدین[۱] ابو صفا عمر بن اسحاق بن احمد شبلی عوضی جو ہند کے صوبہ عوض (اودھ) کے باشندے اور ممتاز فقہا کے اس زمرہ سے ہیں جو سلطان دہلی کی خدمت میں رہتے ہیں' بیان کیا کہ بادشاہ کی عملداری میں تیئیس (۲۳) صوبے[۲] ہیں :

۱۔ دہلی	۱۰۔ کلانور (ہماچل پردیش)
۲۔ دیوگیر	۱۱۔ لاہور
۳۔ ملتان	۱۲۔ بداؤں
۴۔ کہرام	۱۳۔ عوض (اودھ)
۵۔ سامانا	۱۴۔ قنوج
۶۔ سیوستان (زیریں مغربی سندھ)	۱۵۔ کڑہ (الٰہ آباد)
۷۔ اُچ (بالائی سندھ)	۱۶۔ بہار
۸۔ ہانسی	۱۷۔ لکھنوتی (بنگال)
۹۔ سرستی (مشرقی پنجاب)	۱۸۔ مالوہ

[۱] بقول قلقشندی یہ قاہرہ کے بیذمریۃ کالج میں پروفیسر بھی رہے تھے۔ صبح الاعشیٰ مصر، ۵/ ۷۲

[۲] نقشہ دیکھیے مقابل صلہ

۱۹۔ گجرات

۲۰۔ جاج نگر (اوڑیسہ)

۲۱۔ تلنگانہ (مشرقی آندھرا)

۲۲۔ معبر (ریاست مدراس)

۲۳۔ دوارا سمندر (میسور و کیرالا)

ان صوبوں میں بارہ سو بڑے شہر ہیں، جہاں سلطان کے نائب رہتے ہیں، یہاں آباد ضلعوں اور دیہاتوں کا ایک جال سا بچھا ہوا ہے جن کی صحیح تعداد تو مجھے (شیخ مبارک) نہیں معلوم۔ لیکن اتنا جانتا ہوں کہ صوبۂ قنوج ایک سو بیس لاکھ دیہاتوں پر مشتمل ہے، ایک لاکھ سو ہزار کا ہوتا ہے، اس حساب سے کل دیہاتوں کی تعداد ایک کروڑ بیس لاکھ ہوئی مالوہ کا صوبہ قنوج سے بڑا ہے لیکن اس کے گاؤں کی صحیح تعداد نہیں بتا سکتا، معبر کا صوبہ کئی جزیروں پر مشتمل ہے جو اتنے بڑے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک بذات خود ایک شاندار سلطنت ہے جیسے کولم، فتن، لنکا[1] اور ملیبار۔

۶۔ بنگال میں گنگا پر دو لاکھ کشتیاں

دریائے لکنوتی (گنگا) پر دو لاکھ چھوٹی بڑی کشتیاں دوڑتی پھرتی ہیں، ان کی رفتار اتنی تیز ہوتی ہے کہ اگر تیر انداز کشتی کے آخری حصہ پر تیر پھینکے تو وہ اُس کے وسط میں آکر گرے، بڑی کشتیوں کی تعداد کم ہے، لیکن ان میں ایسی بھی ہیں جہاں چکیاں لگی ہیں اور تنور و بازار ہیں، یہ کشتیاں اتنی لمبی چوڑی ہوتی ہیں کہ بعض اوقات اُن کے ایک حصہ کے مسافر دوسرے حصوں کے مسافروں سے عرصہ تک ناواقف رہتے ہیں۔

۷۔ دیوگیر (اورنگ آباد)

دلّی ہندوستان کا پایۂ تخت ہے، دوسرا پایۂ تخت قبۃ الاسلام دیوگیر ہے، دلّی اقلیم رابع میں

---

[1] جہاں تک ہمیں معلوم ہے لنکا کے سوا ان میں سے کوئی بھی جزیرہ نہیں، کولم موجودہ کیرالا کا اور فتن (ملیفتن)، معبر کا بندرگاہ تھا، ملیبار (مالابار)، دکن کے مغرب میں ساحلی پٹی کا نام تھا، رہا جزیرۂ لنکا تو وہاں مقامی راجاؤں کی حکومت تھی۔

Marfat.com

واقع ہو۔ مؤلف کتاب سلطان حماۃ[۵] (ابو الفدا) نے اپنی کتاب تقویم البلدان میں بھی یہی رائے ظاہر کی ہے۔" شیخ مبارک: دیوگیر تیسری اقلیم میں ہے، میں نے جب چھوڑا تو وہ پوری طرح تعمیر نہیں ہوا تھا مجھے وہاں سے آئے چھ سال ہوتے ہیں، میرا خیال ہے کہ وہ ہنوز ادھورا ہے، کیونکہ تعمیر بہت بڑے رقبہ میں شروع ہوئی تھی اور بڑی بڑی عمارتیں بنانے کا پروگرام تھا۔ تغلق شاہ نے شہر کے نقشہ میں ہر طبقہ کے لئے محلّے بنانے کی رعایت رکھی تھی، ایک محلہ فوج کے لئے تھا، دوسرا وزیروں اور سکریٹریوں کے لئے، تیسرا ججوں اور عالموں کے لئے، چوتھا صوفیوں اور درویشوں کے لئے، پانچواں تاجروں اور پیشہ وروں کے لئے، ہر محلّہ میں عام ضروریات کا انتظام کیا گیا تھا، جیسے مسجد، اذان کا منارہ، بازار، حمّام، چکیاں، تنور اور ہر صنف کے کاریگر بسائے گئے تھے، جیسے سُنار، رنگریز، چرم ساز، تاکہ ایک محلہ کے لوگ خرید و فروخت اور لین دین میں دوسرے محلّہ کے محتاج نہ رہیں اور ہر محلّہ پوری طرح خود کفیل ہو۔

۸۔ غیر آباد علاقہ

اس سلطنت میں غیر آباد علاقہ یا تو بیس دن کی مسافت (تقریباً چار سو میل) کے بقدر غزنہ سے متصل ہے اور اس کی وجہ شاہ ہند کی شاہ ترکستان و ماوراء النہر سے باہمی جنگ و پیکار ہے، یا غیر آباد پہاڑ (ہمالیہ) یا تہ بہ تہ گھاٹیاں ہیں، لیکن یہاں سے جو خوشبودار اور طبّی بوٹیاں فراہم ہوتی ہیں ان سے مزروعہ علاقہ کے مقابلہ میں بہت زیادہ آمدنی ہوتی ہے۔

۹۔ ملتان

فاضل نظام الدین یحیٰی بن حکیم نے مجھے (مؤلف کتاب کو) ایک پرانی کتاب سے روشناس کیا جو ہندوستان کے بارے میں ہے اور جس میں لکھا ہے کہ ملتان کی علمداری میں ایسے ایک لاکھ

---

[۵] شمالی شام کا ایک شہر اور صوبہ۔

چھبیس ہزار گاؤں ہیں، جن کا سرکاری رجسٹروں میں اندراج ہے، ملتان اور دلی چوتھی اقلیم میں واقع ہیں اور ہندوستان کے باقی حصے دوسری و تیسری ہیں۔ مملکت ہند کا رقبہ بہت بڑا ہے، یہ صحت بخش ملک ہے، البتہ اُن علاقوں کی آب و ہوا اچھی نہیں جہاں چاول کی کاشت ہوتی ہے اس کتاب میں یہ تصریح بھی ہے کہ محمّد بن قاسم نے سندھ میں چالیس بُہار سونا پایا، ایک بُہار تین سو تینتیس پونڈ کے مساوی ہوتا ہے۔ سلطنت ہند کی مغربی حد غزنہ اور قندھار تک جاتی ہے۔

۱۰۔ دریا، آب و ہوا، غلّے، پھل اور پھول

میں نے شیخ مبارک سے اندرونِ ہند کے حالات پوچھے تو اُنھوں نے کہا:۔ ہند میں قریب دو ہزار چھوٹے بڑے دریا ہیں اُن میں سے کچھ نیلؔ کے برابر ہیں، دریاؤں کے کنارے گاؤں اور شہر آباد ہیں ہند میں بڑے بڑے مرغزار اور گھنے درخت پائے جاتے ہیں، ملک کی آب و ہوا معتدل ہے، موسموں میں فرق نہیں ہوتا[۱]، سال بھر بہار کا موسم رہتا ہے، ہوائیں چلتی ہیں، اور بادِ صبا محوِ خرام رہتی ہے، بارش چار مہینے برابر ہوتی ہے، بالعموم بہار کے آخر سے لیکر گرمی تک، یہاں مختلف قسم کے غلّے پیدا ہوتے ہیں:۔ گیہوں، چاول، جو، چنا، مسور، اُرد، لوبیا، تل، فُول مٹر تقریباً نہیں ہوتا، مؤلف کتاب:۔ میرا خیال ہے کہ فول نہ ہونے کا سبب یہ ہے کہ ہند فلسفیوں اور مفکروں کا ملک ہے اور اُن کا عقیدہ ہے کہ فُول سے جوہرِ عقل کو نقصان پہونچتا ہے۔ اسی لئے صابئہ[۲] فرقے نے بھی اس کا کھانا ممنوع قرار دیا ہے۔

شیخ مبارک:۔ پھلوں میں انجیر اور انگور کم ہوتے ہیں، انار کھٹا، میٹھا اور کڑوا تینوں قسم کا، کیلا، خوبانی، کھٹا، لیمو، نارنگی، املی، گولر، کالا شہتوت، خربوزہ، تربوز، ککڑی، کھیرا، میٹھا خوب ہوتا ہے، انجیر اور انگور، دوسرے پھلوں کی نسبت بہت کم ہے، امرود ہوتا ہے اور باہر سے بھی

[۱] یہ کہتے وقت راوی کے پیش نظر غالباً ساحلی مقامات تھے۔

[۲] میسوپوٹامیہ کے قدیم ہیاکل پرست باشندے۔

منگایا جاتا ہے، ناشپاتی اور سیب امرود سے کم پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ہند میں ایسے پھل بھی ہوتے ہیں جو مصر، شام اور عراق میں نہیں ہوتے جیسے آم، اہوا، کچ (؟)، کرہیکا (؟)، ابجلی (؟)، بکی (؟)، نغزک آم۔ ان کے علاوہ اور بھی لذیذ و بڑھیا پھل ہوتے ہیں۔ ناریل بڑا خوش ذائقہ پھل ہے... [۱] کیلا خوب ہوتا ہے لیکن دہلی اور آس پاس کے ضلعوں میں نہایت کم یاب ہے، پھر بھی درآمد کئے ہوئے کیلے کی دلی میں ریل پیل رہتی ہے، گنے کی سارے ہندوستان میں ہر جگہ افراط ہے، اس کی ایک قسم سیاہ اور سخت چھلکے والی چوسنے کے لئے بہترین ہوتی ہے۔ یہ گنا کسی دوسرے ملک میں نہیں پایا جاتا۔ گنے کی باقی قسموں سے بڑی مقدار میں کھانڈ بنائی جاتی ہے جو مصری سے سستی ہوتی ہے، یہ ڈلی جیسی نہیں ہوتی بلکہ سفید میدہ کی طرح باریک ہوتی ہے، ہندوستان میں جیساکہ شیخ مبارک نے مجھے بتایا اکیس قسم کے چاول ہوتے ہیں، شلجم، گاجر، کدو، بینگن، مارچوبہ (ہلیون) اور ادرک بھی ہوتی ہے۔ ہری ادرک کو گاجر کی طرح پکایا جاتا ہے، اس کی ہانڈی اتنی لذیذ ہوتی ہے کہ کوئی دوسرا سالن اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا، چقندر، لہسن، پیاز، صعتر پودینہ اور سولف (شمار) بھی پائی جاتی ہے، گوناگوں اقسام کے پھول ہوتے ہیں جیسے گلاب، نیلوفر، بنفشہ، مشک بید، نرگس، گل مہندی، تل کا تیل ہوتا ہے اور جلانے کے کام آتا ہے، لیکن زیتون کا تیل نہیں ہوتا اور باہر سے منگایا جاتا ہے، شہد کی فراوانی ہے، موم بتی صرف شاہی محل میں جلائی جاتی ہے، عوام اس کو نہیں کھا سکتے

۱۱۔ چرند و پرند

ہندوستان میں چرنے والے مویشی اور پالتو پرند بے شمار ہیں، بھینس، گائے، بکری، بھیڑ، پالتو پرند جیسے مرغی، کبوتر، مرغابی، گھٹیا قسم کے پرندا تنے ہیں کہ ان کی نہ مانگ ہے نہ قیمت۔

---

[۱] یہاں کچھ لفظ کتابت سے رہ گئے ہیں اور کچھ مسخ کر دیئے گئے ہیں۔

۱۲۔ کھانے اور مٹھائیاں

یہاں بازاروں میں قسم قسم کے کھانے بکتے ہیں: بھنا گوشت، مطنجن، تلا گوشت مورع (؟) اور ایک دو نہیں ہینسٹھ قسم کے حلوے اور مٹھائیاں، پھلوں کا رس اور ایسے شربت جو مشکل سے کہیں اور ملیں گے۔

۱۳۔ پیشے ور

ہندوستان میں تلوار، تیر، نیزے، زرہ بکتر اور دوسرے قسم کے ہتھیار بنانے والے، نیز سنار زرکار، زین ساز اور دوسرے صنعت گر بیشمار پائے جاتے ہیں خواہ ان کی صنعت عورتوں کے لئے مخصوص ہو خواہ مردوں کے لئے خواہ اہل قلم کے لئے خواہ اہل تلوار کے لئے یا عوام کے لئے۔

۱۴۔ اونٹ، خچر، گھوڑے

ملک میں اونٹ کم ہیں، بس بادشاہ یا بڑے عہدہ دار، خان، امیر اور وزیر اونٹ رکھتے ہیں گھوڑوں کی کوئی کمی نہیں، ان کی دو قسمیں ہیں: ایک عربی نسل اور دوسرے ترکی دروی نسل کے (براذین) اکثر گھوڑے اچھا کام نہیں دیتے، اس لئے آس پاس کے ترکی ملکوں سے منگائے جاتے ہیں، عربی گھوڑے بحرین، یمن اور عراق سے درآمد ہوتے ہیں، اچھی نسل کے عراقی گھوڑے، جن کی بھاری قیمت وصول کی جاتی ہے، ہند میں ہیں لیکن کم، زیادہ دن یہاں رہنے سے بیمار ہو جاتے ہیں۔

ہندوستان میں گدھے اور خچر دونوں کی سواری معیوب خیال کی جاتی ہے، کوئی فقیہ اور عالم خچر پر سواری پسند نہیں کرتا، اور گدھے پر سوار ہونا تو ہندیوں کی نظر میں سخت عار کی بات ہے اس لئے سب کی سواری کا جانور گھوڑا ہی۔ خوش حال اور سرکاری عہدہ دار باربرداری کے لئے بھی

گھوڑا استعمال کرتے ہیں اور عام لوگ پالان ڈالکر گائے بیل، بیل کی رفتار تیز اور قدم لمبے ہوتے ہیں۔

۱۵۔ شہر دلّی، وہاں کی عمارتیں، باغ، اسکول، شفاخانے، کنوئیں، حوض

میں نے شیخ مبارک سے شہر دلّی اور اس کی بناوٹ اور دیگر حالات کے بارے میں پوچھا تو اُنھوں نے بتایا کہ یہ کئی شہروں کا مجموعہ ہے، جس کے ہر شہر کا ایک مستقل اور جانا بوجھا نام ہے لیکن عملاً دلّی کا اطلاق سارے مجموعہ پر ہونے لگا ہے۔ دلّی طول و عرض میں دور تک پھیلی ہوئی ہے، اس کی آبادی کا دَورچالیس میل ہے، عمارتیں پتھر اور اینٹ کی ہیں، چھتیں لکڑی کی اور فرش مرمر جیسے ایک سفید پتھر کے، دلّی کے مکان زیادہ سے زیادہ دُومنزلے ہوتے ہیں، مرمر کا فرش صرف شاہی عمارتوں میں لگایا جاتا ہے، شیخ ابوبکر بن خلال نے کہا کہ یہ پُرانی دلّی کے مکانات کا خاکہ ہے، وہاں جو نئی بستیاں وجود میں آئی ہیں ان کے مکانوں کا انداز مختلف ہے، اس وقت دلّی کا اطلاق اکیس شہروں پر ہوتا ہے (یہاں باغ ایک سیدھے خط پر برابر برابر لگائے جاتے ہیں ہر خط کی لمبائی مشرق، شمال اور جنوب میں بارہ میل ہے، غربی سمت میں باغ نہیں ہیں[۵]) کیونکہ ادھر لہابہ پہاڑ (اراولی) کا سلسلہ ہے۔

دلّی میں ایک ہزار اسکول ہیں، اُن میں ایک کو چھوڑ کر جہاں شافعی فقہ کی تعلیم دی جاتی ہے باقی سب حنفی مذہب ہیں، ہسپتال لگ بھگ ستّر ہیں، یہاں بیمارستان (ہسپتال) کو دارالشفار کہتے ہیں۔

دلّی اور اس کے ماتحت علاقوں میں دو ہزار خانقاہیں اور سرائیں ہیں، شہر میں بڑی بڑی عمارتیں لمبے چوڑے بازار اور بڑی تعداد میں حمام ہیں، شہر کا سارا پانی کنوؤں سے نکالا جاتا ہے جو زیادہ گہرے نہیں ہوتے، اُن کی زیادہ سے زیادہ گہرائی چودہ فٹ ہوتی ہے اور ہر کنوئیں پر چرخیاں لگی ہوتی ہیں، پینے کے لئے بارش کا پانی جو بڑے بڑے حوضوں میں جمع ہوجاتا ہے، استعمال کیا جاتا ہے، ہر حوض کا قطر تیر کی مسافت کے بقدر یا اس سے کچھ زیادہ ہوتا ہے، یہاں وہ جامع مسجد ہے جس کا منارۂ اذان

[۵] بریکٹ کی عبارت فوٹو نسخہ سے ماخوذ ہے

مشہور ہے، جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ روئے زمین پر بلندی میں اس کی نظیر نہیں، شیخ برہان الدین بن خلاّل بزّی صوفی کی رائے میں قطب مینار کی اونچائی تقریباً بارہ سو فٹ (چھ سو ذراع) ہے۔

شیخ مبارک :- دلّی میں تغلق شاہ کے جو محل اور کوٹھیاں ہیں وہ اُن کی اور اُن کی بیگمات کے لئے مخصوص ہیں، ان میں ان کی باندیوں، محبوب کنیزوں، نوکروں اور غلاموں کے لئے کمرے ہیں، بادشاہ کے ساتھ کوئی خان یا امیر نہیں رہتا، یہ فوجی افسر صرف آداب بجالانے حاضر ہوتے ہیں اور پھر اپنے گھروں کو لوٹ جاتے ہیں، آداب و کورنش کے لئے دن میں دو بار حاضری ہوتی ہے، صبح کو اور بعد عصر۔

۱۶ - فوجی عہدے دار اور فوج

فوجی افسروں کے عہدوں کی ترتیب اس طرح ہے :- سب سے اوپر خان، پھر ملک، پھر امیر، پھر اِصفہلار، پھر سپاہی، سلطان کی نوکری میں اسّی یا زیادہ خان ہیں، اور لشکر نو لاکھ سواروں پر مشتمل ہے، ان کی ایک مقررہ تعداد دہلی میں رہتی ہے اور باقی مملکت کے دوسرے حصّوں میں، ساری فوج کو سرکار سے تنخواہ ملتی ہے اور سب پر بادشاہ کے لطف و کرم کا سایہ ہے۔ تغلق شاہ کے لشکر میں ترک، ختطا، فارسی، ہنداور دوسرے ملکوں کے لوگ شامل ہیں، ہندی فوج میں دو جنگجو قومیں قابلِ ذکر ہیں :- بھیل اور چھتری، ساری فوج گھوڑوں اور اعلیٰ قسم کے ہتھیاروں اور شاندار وردیوں سے لیس ہے، اکثر فوجی اور سپاہی فقہ سے دلچسپی لیتے ہیں، خاص طور پر وہ اور دوسرے مسلمان عام طور پر حنفی فقہ کے پیرو ہیں، سلطان کے پاس تین ہزار ہاتھی ہیں جو جنگ کے وقت لوہے کی سُنہری پوشش پہنتے ہیں، دوسرے اوقات میں مختلف قسم کے ریشم اور کارچوب کی جھولوں میں ملبوس ہوتے ہیں، اُن کی پیٹھ پر محل اور تخت بنا کر سجائے جاتے ہیں، تخت پر کیلیں جڑ کر لکڑی کے بُرج بنائے جاتے ہیں اور ہندی سورما ان محلوں اور تختوں پر بیٹھ کر لڑتے ہیں، ایک ہاتھی پر اس کی طاقت اور جُثّہ کے لحاظ سے چھ سے دس آدمی تک سوار ہوتے ہیں، سلطان کے بیس ہزار ترکی غلام ہیں اور بقول

بڑی دس ہزار خصی لونڈے، اس کے علاوہ ہزار خزانچی اور ہزار شمقدار[1] اور دو لاکھ ایسے مسلح غلام جو ہر وقت سلطان کے ہمرکاب رہتے ہیں اور پا پیادہ اس کے آگے لڑتے ہیں۔

۱۷۔ فوج کی تنخواہ

تغلق شاہ کے خان، ملک، امیر اور اصفہلار اپنے سپاہیوں کو گذارے کے لئے جائداد نہیں دیتے جیسا کہ شام اور مصر میں دستور ہے بلکہ اُن میں سے ہر افسر خود اپنے گذارے کا ذمہ دار ہوتا ہے، فوج اور سپاہیوں کو خود بادشاہ نوکر رکھتا ہے، اور شاہی خزانہ سے اُن کو تنخواہ ملتی ہے جو جائداد خان، ملک، امیر یا اصفہلار کے لئے مقرر ہوتی ہے وہ اس کے ذاتی اخراجات کے لئے ہوتی ہے، حاجبوں (داروغہائے باب عالی) اور دوسرے سول افسروں کو اُن کے رُتبہ کے مطابق تنخواہ ملتی ہے، اصفہلار یہ کا مرتبہ اتنا بلند نہیں ہوتا کہ وہ بادشاہ کے قریب آسکیں، خان کی کمان میں دس ہزار سوار ہوتے ہیں، مُلک کی کمان میں ہزار، امیر کی کمان میں سَو اور اصفہلار کی کمان میں اس سے کم۔ ان سب افسروں کو سرکار سے جائدادیں ملتی ہیں جن کی آمدنی سرکاری تخمینہ سے اکثر زیادہ نہیں تو کم بھی نہیں ہوتی، بلکہ اکثر خرچ کے تخمینہ سے دوچند ہوتی ہے، ہر خاندان کی جائداد دو لاکھ تنکے کے بقدر ہوتی ہے، ایک لاکھ سو ہزار کے برابر ہوتا ہے اور ہر تنکہ آٹھ درہم (چار روپئے) کے مُساوی، یہ رقم خان کے ذاتی اخراجات کے لئے خاص ہے، اس سے فوج پر کچھ خرچ نہیں کیا جاتا، ہر مُلک کی تنخواہ ساٹھ ہزار تنکہ سے پچاس ہزار تنکہ تک ہے اور امیر کی چالیس ہزار سے تیس ہزار تک، اصفہلار کا مشاہرہ بیس ہزار یا اس کے لگ بھگ، سپاہی کی تنخواہ دس ہزار تنکہ سے ہزار تنکہ تک، سلطان کے ترکی غلاموں کا مشاہرہ پانچ ہزار تنکہ سے ہزار تنکہ تک، کھانا لباس اور گھوڑے کا چارہ مفت، سپاہیوں اور ترکی غلاموں کو جائداد نہیں دیجاتی بلکہ خزانہ سے تنخواہ ملتی ہے۔ خان، ملک، امیر اور اصفہلار

---

[1] کفش بردار۔

کو جائدادیں دی جاتی ہیں جن کا سرکاری تخمینہ بہت کم ہوتا ہے، بہرحال جائداد کی آمدنی اگر تخمینہ سے زیادہ نہیں تو کم بھی نہیں ہوتی، کسی کسی عہدہ دار کی آمدنی تخمینہ کے دو چند سے بھی زیادہ ہوتی ہے سلطان کے ہر غلام کو مہینہ میں ایک من (چالیس سیر) گیہوں اور چاول راشن ملتا ہے اور تین سیر گوشت یومیہ اور پکانے کا سامان متعلقہ، اس کے علاوہ ہر ماہ چاندی کے دس تنکے (چالیس روپے) اور سال میں چار جوڑے۔

۱۸۔ ریشمی کڑھائی اور بُنائی کا کارخانہ

سلطان محمد بن تغلق کا دِلّی میں ایک کارخانہ ہے جہاں ریشم اور کڑھائی کا کام ہوتا ہے اور چار ہزار کاریگر ہیں جو خلعتوں اور وردیوں کے لئے قسم قسم کے ریشمی کپڑے بنتے اور کاڑھتے ہیں، اس کے علاوہ چین، عراق اور اسکندریہ سے جو کپڑا درآمد ہوتا ہے وہ بھی یہاں کاڑھا جاتا ہے۔ سلطان ہر سال دو لاکھ جوڑے بانٹتا ہے، ایک لاکھ جاڑے میں اور ایک لاکھ گرمی میں، سردی کے جوڑے بیشتر اسکندریہ کے کپڑے سے بنائے جاتے ہیں، اور گرمی کے اُس ریشم سے جو دلّی کے "دارالطراز" یا کڑھائی گھر میں بُنا جاتا ہے، یا چین و عراق سے درآمد ہوتا ہے، شاہی جوڑے خانقاہوں کے درویشوں کو بھی بانٹے جاتے ہیں۔

سلطان کے چار ہزار زرکار ہیں جو اس کے اور اس کے حرم کے کپڑے تیار کرتے ہیں اور خلعتیں بناتے ہیں، جو اس کی طرف سے، اربابِ حکومت، اور اُن کی خواتین کو عطا کی جاتی ہیں۔

۱۹۔ گھوڑوں کی بخشش

تغلق شاہ ہر سال دس ہزار عربی گھوڑے بانٹتا ہے۔ اُن میں سے کچھ زین و لگام کے ساتھ دیئے جاتے ہیں اور کچھ جو عربی نسل کے ہوتے ہیں بغیر زین و لگام کے۔ زین و لگام والے گھوڑوں کی قسمیں ہیں: اُن میں سے کچھ کو محض پوشش یا وردی دی جاتی ہے اور کچھ پوشش کے علاوہ زیور سے بھی آراستہ

ہوتے ہیں، بعض پوشتنوں پر چاندی کا کام ہوتا ہے اور بعض پر سونے کا۔ رہے ترکی یا دوغلے گھوڑے تو اُن کی داد و دہش شمار سے باہر ہے۔ باوجودیکہ سُلطان کی سلطنت میں گھوڑے خوب ہوتے ہیں اور بڑی تعداد میں باہر سے درآمد کئے جاتے ہیں، لیکن چونکہ وہ گھوڑے بانٹنے میں بڑا فیاض ہے، اس لئے ہر ملک سے گھوڑے منگاتا ہے، اور اس مد میں بڑی رقمیں صرف کرتا ہے، اور چونکہ ہند میں شاہی داد و دہش کے علاوہ بڑے بڑے لشکروں کی ضروریات اور ملک کی بڑھی ہوئی آبادی کی وجہ سے گھوڑوں کی مانگ زیادہ ہے، اس لئے یہاں گھوڑے بہت مہنگے ہوتے ہیں اور اُن کے تاجر خوب نفع کماتے ہیں۔

بحرین کے اُن بڑے تاجروں میں سے جو سُلطان کو عربی گھوڑے فراہم کرتے ہیں ایک تاجر علی بن منصور عُقَیْلی نے مجھے بتایا کہ ہند کے لوگ عمدہ گھوڑے کی ایک خاص پہچان رکھتے ہیں، اس پہچان والے گھوڑے کو وہ ہر قیمت پر خرید لیتے ہیں۔

۲۰۔ وزیر، سکریٹری، چیف جسٹس اور محتسب

تغلق شاہ کا نوجی نائب ایک خان ہے جس کو امریت (؟) کہتے ہیں، اس کی سرکاری جائداد ملک عراق سے کم نہیں ہوگی، بادشاہ کا ایک وزیر ہے جس کی جائداد بھی عراق کے لگ بھگ ہے، بادشاہ کے چار مزید نائب ہیں جن میں سے ہر ایک کو "شِقدار" کہتے ہیں اور ہر ایک کا مشاہرہ بیس ہزار تنکے (اسی ہزار روپے) سے لیکر چالیس ہزار تنکہ تک ہے، اس کے چار دبیر یا سکریٹری ہیں، ہر سکریٹری کو حکومت کی طرف سے بڑی آمدنی والا ایک بندرگاہ ملا ہوا ہے، ہر سکریٹری کے ماتحت تین سو کلرکوں کا عملہ رہتا ہے۔ صفِ آخر کے کلرک کی تنخواہ دس ہزار تنکے (دس تنکے۔ فوٹو نسخہ) ہے، صفِ اوّل کے کلرکوں کو سرکار کی طرف سے گاؤں اور جائدادیں ملتی ہیں، بعض کے پاس پچاس پچاس گاؤں ہیں۔

صدرِ جہاں یا چیف جسٹس کی جائداد دس دیہاتوں پر مشتمل ہے، جن سے تقریباً ساٹھ ہزار تنکے

اور کہا کہ یہ رقم بصرہ، کوفہ اور عراق کے مزاروں کے مجاوروں میں بانٹ دینا، بیغضان کی نیت خراب تھی، اُس نے اپنی ساری دولت ساتھ لی اور یہ ارادہ کر کے عازمِ سفر ہوا کہ پھر لوٹ کر سلطان کے پاس نہیں آئے گا، اتفاق کی بات ہے کہ وہ اسوقت پہونچا جب ابو سعید کا انتقال ہو چکا تھا بیغضان کی بن آئی اور وہ بغداد چلا گیا، اُس کے اور اس کے ساتھیوں کے ساتھ تقریباً پانچسو گھوڑے تھے، بغداد سے وہ دمشق آیا اور وہاں سے عراق لوٹ گیا اور بغداد میں مستقل اقامت اختیار کرلی ۔ ۔ ۔ ۔"

۲۶۔ شاہی عدالت

شیخ ابو بکر بزی صوفی :۔ تغلق شاہ کے خوف سے دل کانپتے ہیں اور جب اس کا جلوس نکلتا ہے تو زمین لرزتی ہے، وہ امورِ مملکت سے گہری دلچسپی لیتا ہے اور خود انصاف کرنے بیٹھتا ہے خواجہ احمد بن خواجہ عمر بن مسافر :۔ رعایا کی درخواستوں پر غور کرنے کے لئے عام دربار کرتا ہے، اُس وقت سکریٹری کو چھوڑکر کسی انسان کو ہتھیار تو کیا چاقو تک لیکر اس کے حضور میں آنے کی اجازت نہیں ہوتی لیکن وہ خود پوری طرح ترکش، کمان اور تیر سے مسلح ہوتا ہے، اس کا معمول ہے کہ جہاں بیٹھتا ہے ہتھیار ساتھ ہوتے ہیں۔

۲۷۔ شاہی سواری

سلطان کی سواری کبھی جنگ کے لئے نکلتی ہے کبھی دہلی میں ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک محل سے دوسرے محل کو جانے کے لئے، لیکن جب وہ میدانِ جنگ کو جاتا ہے تو معلوم ہوتا ہے پہاڑ چل رہے ہیں، ریگ بہہ رہا ہے، سمندر اُمنڈ آتے ہیں، بجلیاں چمک رہی ہیں اور ایسے منظر دکھائی دیتے ہیں جنھیں آنکھیں باور نہیں کرتیں، اور جن کے بیان سے زبان قاصر ہے، بادشاہ کی ہتنی پر ایک شہر یا مستحکم قلعہ ہوتا ہے (جس میں وہ بیٹھتا ہے) ہر طرف ڈھول ہی ڈھول نظر آتی ہے اور دن کے رُخِ روشن پر خاک کے سیاہ بادل چھا جاتے ہیں۔

۲۸۔ شاہی جھنڈے

سلطان کا شعار کالا جھنڈا ہے جس کے بیچ میں ایک سنہرا ستارہ ہوتا ہے، کسی اور کو کالا جھنڈا رکھنے کی اجازت نہیں، فوج کے میمنہ میں کالے جھنڈے ہوتے ہیں اور میسرہ میں لال، ان پر بھی سنہری پٹیاں ہوتی ہیں، باقی افسروں کے جھنڈے حسب حیثیت ہوتے ہیں۔

۲۹۔ نقارے اور ڈھول

سفر اور حضر دونوں میں تغلق شاہ کے لئے اتنے نقارے اور ڈھول بجائے جاتے ہیں جتنے سکندر کے لئے بجائے جاتے تھے، یعنی دو سَو بوجھ نقارے، چالیس بوجھ بڑے ڈھول، بیس بگل اور دس جھانجھ، اس کے لئے ہر نماز کے وقت بھی نقارہ بجایا جاتا ہے۔ سفر میں اس کے ساتھ بے شمار روپیہ ہوتا ہے اور بہت سا عجیب و غریب سامان۔

۳۰۔ شکار

شکار میں تغلق شاہ کے ہم رکاب تھوڑی فوج ہوتی ہے یعنی ایک لاکھ سوار اور دو سَو ہاتھی، ان کے علاوہ لکڑی کے چار محل آٹھ سو اونٹوں پر، دو سو اونٹ فی محل کے حساب سے، ہر محل پر کالے ریشم کے پردے جن پر سونے کا کام ہوتا ہے لگے ہوتے ہیں، ہر محل دو منزلہ ہوتا ہے اور اس کے ساتھ متعدد خیمے ڈیرے ہوتے ہیں۔

۳۱۔ تفریح

جب سلطان تفریح یا اس سے ملتے جلتے کسی کام کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتا ہے تو اس کے ہمراہ تقریباً تیس ہزار سوار ہوتے ہیں، اتنے ہی ہاتھی، اور ہزار کوتل گھوڑے، زین، لگام اور زیور و طوق سے مزیّن، ان میں سے بعض کی پوشش پر جواہرات اور یاقوت بھی لگے ہوتے ہیں۔

۳۲۔ محل سے محل کو شاہی سواری

ایک محل سے دوسرے محل کو شاہی سواری کا ذکر کرتے ہوئے شیخ محمد خُجندی نے جو دِلّی آکر شاہی لشکر میں ملازم ہوگئے تھے مجھے بتایا کہ جب سُلطان کی سواری ایک محل سے دوسرے محل کو گئی تو وہ سوار تھا اور اس کے سر پر چتر لگا تھا اور سلاحداریہ (شاہی گارڈ) اس کے پیچھے ہاتھوں میں ہتھیار لئے ہوئے تھے۔ بادشاہ کے آس پاس تقریباً بارہ ہزار غلام تھے، سب کے سب پیدل، بس چتر بردار، سلاحداریہ اور جمداریہ یعنی لباس بردار سوار تھے۔

شیخ مُبارک نے مجھے بتایا کہ تغلق شاہ کے سر پر سات چتر ہوتے ہیں جن میں سے دو پر انمول موتی ٹکے ہوتے ہیں، اس کے دیوان خانہ (مجلس) کی شان و شوکت، آن بان اور شاہنشاہی رکھ رکھاؤ میں سکندر اور ملک شاہ بن الپ ارسلان کے سوائے اور کوئی اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔

۳۳۔ حضر میں سلطان کے ہمرکاب خان وملوک کے لئے جھنڈے اور گھوڑے رکھنے کا ضابطہ

خان، ملوک اور امیر سفر ہو یا حضر جب سلطان کے ہمرکاب ہوتے ہیں تو اُن کے ساتھ جھنڈوں کا ہونا ضروری ہے، ایک خان زیادہ سے زیادہ نو جھنڈے اور ایک امیر کم سے کم تین جھنڈے ساتھ رکھ سکتا ہے، حضر میں خان زیادہ سے زیادہ دس کوتل گھوڑے ساتھ رکھ سکتا ہے اور امیر دو، لیکن سفر میں کوئی قید نہیں اسے اختیار ہے اپنی مقدرت کے مطابق جتنے چاہے ساتھ لے لے۔ جب یہ فوجی افسر بابِ شاہی پر آتے ہیں تو اُس کے سورج کے سامنے اُن کے ستارے ماند پڑجاتے ہیں اور اس کا سمندر اُن کے بادلوں کو نگل جاتا ہے۔

۳۴۔ سلطان کی فروتنی اور علم و فضل

محمد بن تغلق اتنی شان و شوکت کے باوجود بڑا منکسر اور متواضع بادشاہ ہے۔ ابوصفا عمر بن

شبلی نے بیان کیا :- " میں نے دیکھا کہ سلطان اپنی سواری سے اترا اور ایک درویشِ صالح کے جنازہ کے پاس گیا اور اسے کندھا دیا' بادشاہ میں بہت سی خوبیاں ہیں :- قرآن اور ہدایہ جو حنفی فقہ میں ہے' اس کو ازبریاد ہے' معقولات میں بھی نہایت اچھی دستگاہ رکھتا ہے' خط پاکیزہ ہے' اس نے جسمانی' روحانی اور ادبی ریاضت بھی خوب کی ہے' شعر کہتا ہے اور شعر سنانے کی فرمائش بھی کرتا ہے' اشعار کے معانی و مطالب خوب سمجھتا ہے' علماء فضلاء سے بحث و مناظرہ کرتا ہے' شعرا اور بالخصوص فارسی شعرا کی غلطیاں پکڑتا ہے' جس کی وجہ اس کی فارسی مہارت اور زبان دانی ہے ۔ میں نے اس مسئلہ پر کہ " گذرے کل " کو " آج " پر کس حیثیت سے ' تقدم ' حاصل ہے ' اس کو بحث کرتے سنا' منطقی کہتے ہیں کہ ' تقدم ' یا تو باعتبار زمان ہوگا یا باعتبار رتبہ یا باعتبار ذات' اس لئے یہ جائز نہیں کہ تقدم کسی ایک حیثیت سے بھی ہو (؟) تغلق شاہ کی رائے تھی کہ اس دلیل سے اہل منطق کا مذکورہ بالا موقف ٹوٹتا ہے ' کیونکہ " کل " کا تقدم " آج " پر مذکورہ بالا کسی اعتبار سے نہیں ہے (؟)

۳۵. علمی مباحثے

ابو صفا شبلی :- میں نے سلطان کو سب عالموں سے گو کہ ان کی تعداد بہت تھی' فرداً فرداً باتیں کرتے دیکھا' بہت سے عالم اس کے دربار سے منسلک ہیں' ماہِ رمضان میں ان میں سے ایک صدرِ جہان کے حکم سے ہر دن بادشاہ کے ساتھ افطار کرتا ہے بشرطیکہ کوئی نکتہ بیان کرے' پھر سب عالم اس نکتہ پر بادشاہ کے حضور بحث و مباحثہ کرتے ہیں اور وہ خود ان کے ساتھ باتیں اور بحث کرتا ہے اور ارکانِ مجلس اس پر اعتراض بھی کرتے ہیں ۔

۳۶. سلطان اور جرم

ناجائز کاموں کی وہ بالکل رخصت نہیں دیتا' اور غیر قانونی حرکتوں پر کسی کو آزاد نہیں چھوڑتا'

کسی کی مجال نہیں کہ اس کی عملداری میں کھلم کھلا جرم کرے، اور شراب سے تو اس کو بے حد چڑھ ہے، شراب نوشی کی قانونی سزا (اسّی کوڑے) دیتا ہے اور اس کے مقربین میں جو شراب پیتا ہے اُس کی سزا تو بڑی عبرتناک ہوتی ہے۔

۳۷۔ ایک خان کو سزا

سید شریف تاج الدین بن ابی مجاہد حسن سمرقندی نے مجھ سے کہا: دِلّی کے ایک بڑے خان کو شراب کی لت تھی اور وہ اس کا بڑا عادی ہو گیا تھا، سلطان اس کو منع کرتا لیکن وہ باز نہ آتا۔ ایک دن بادشاہ کو اتنا سخت غصہ آیا کہ اُس نے خان کو گرفتار کر لیا اور اُس کی ساری دولت جو تینتالیس کروڑ ستر لاکھ مثقال[1] سونے کے مساوی تھی، ضبط کر لی۔ بادشاہ کی شراب سے نفرت اور ہندوستان کی کثرتِ دولت کے ثبوت کے لئے یہ قصّہ کافی ہے، مذکورہ رقم کا اگر مصری قنطار میں حساب لگایا جائے تو میزان تینتالیس ہزار سات سو قنطار ہو گی اور یہ میزان اتنی بڑی ہے کہ اس کا شمار مشکل ہی سے کیا جا سکتا ہے۔

۳۸۔ دادودہش

شریف حسن سمرقندی نے جو دنیا کے سیاح ہیں اور مختلف ملکوں کا گشت کر چکے ہیں، ہندوستان کی دولت کے بارے میں ایسے قصّے بیان کئے ہیں جن کو سن کر عقل حیران ہوتی ہے جیسا کہ ابھی نقل کردہ یا اُسی جیسے دوسرے قصّے حیرت ناک ہیں۔ محمد بن تغلق کے انعامات اور دادودہش کے واقعات ایسے ہیں جن کو دنیا اپنے محاسن کے صفحات میں جگہ دے گی اور زمانہ اپنے ماتھے کے روشن گوشوں پر ثبت کرے گا۔ اُن میں سے چند یہاں بیان کرتا ہوں۔ شیخ مبارک نے بتایا کہ یہ سلطان ہر دن پورے دو لاکھ تنکے (آٹھ لاکھ روپے) خیرات کرتا ہے، جو شام و مصر کے سکوں میں سولہ لاکھ درہم کے مساوی ہیں

---

[1] ایک مثقال پانچ ماشہ کے لگ بھگ ہوتا ہے۔ آجکل کے سونے کے بھاؤ سے یہ رقم انیس ارب روپے سے بھی زیادہ ہوئی بظاہر یہ مبالغہ ہے۔

Marfat.com
Marfat.com

کبھی کبھی اس کی خیرات پچاس لاکھ یومیہ تک پہنچ جاتی ہے، اس کا دستور ہے کہ جب بنا چاند نکلتا ہے تو دو لاکھ تنکے (آٹھ لاکھ روپے) خیرات کرتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کی طرف سے چالیس ہزار فقیروں کے روزینے مقرر ہیں، ہر فقیر ایک درہم (آٹھ آنے) اور پانچ رطل (ڈیڑھ سیر) گیہوں کی روٹی یا چاول پاتا ہے، اُس نے مدرسوں میں تنخواہ دار ہزار فقیہ مقرر کئے ہیں جو یتیموں اور عام بچوں کو تعلیم دیتے ہیں، اس کی طرف سے کسی کو دلّی میں بھیک مانگنے کی اجازت نہیں، اگر کوئی محتاج سوال کرتا ہے تو اس کو روکا جاتا ہے اور اس کے واسطے سرکار کی طرف سے روزینہ مقرر کر دیا جاتا ہے۔

فاضل نظام الدین ابو الفضائل یحییٰ بن حکیم ملیاری نے مجھ سے بیان کیا کہ ابو سعید (ایلخانی تاجدار ایران) کے لشکر (اردو) میں ایک شخص عضد، قاضی یزد کا بیٹا تھا جو وزیر بننا چاہتا تھا لیکن اس کا اہل نہ تھا، اپنے مقصد کے حصول کے لئے وہ وزیروں میں پھوٹ ڈلواتا اور لشکر کے لوگوں میں شورش پھیلاتا تھا، ارباب حل و عقد نے طے کیا کہ اس کو مرکز حکومت سے کہیں دور بھیج دیا جائے، چنانچہ اس کو سفیر بنا کر دلی بھیجا گیا، اس کے ساتھ ایک شاہی خط تھا جس میں سلام و دوستی کے اظہار کے بعد تغلق شاہ کی خیر و عافیت دریافت کی گئی تھی، در اصل یہ سفارت بہانہ تھی عضد بن قاضی کو ملک باہر کرنے کا ارباب حکومت چاہتے تھے کہ وہ پھر نہ لوٹے۔ عضد جب دلّی آیا تو سلطان کی خدمت میں حاضر ہوا اور خط پیش کیا تو سلطان اس کے ساتھ تپاک سے پیش آیا، اس کو انعام و خلعت سے نوازا، اس کی قدر و منزلت کی اور اسے نقد روپیہ عطا کیا، پھر جب وہ ابو سعید کے پاس واپس جانے لگا تو سلطان نے اُس سے کہا: "خزانہ میں جاؤ اور تمہارا جو جی چاہے لے لو" عضد شاطر آدمی تھا، خزانہ میں جا کر اس نے ایک قرآن کے علاوہ کچھ نہ لیا، بادشاہ کو یہ بات معلوم ہوئی تو اسے تعجب ہوا اور اس نے سید عضد سے پوچھا: تم نے بس قرآن لینے پر کیوں اکتفا کیا؟ سید عضد: حضور کے کرم نے مال و دولت سے مجھے اتنا بے نیاز کر دیا ہے کہ خزانہ میں کتاب اللہ سے بہتر مجھے کوئی چیز نہیں ملی" سلطان اس کے قول سے بہت محظوظ و متاثر ہوا اور اسے بہت سا مال و متاع عنایت کیا اور ایک دوسرا عطیہ بطور تحفہ ابو سعید شاہ ایران کے لئے اس کے ساتھ کر دیا، دونوں کے عطیات کا مجموعہ آٹھ سو تومان

تھا، تومان دس ہزار دینار کے برابر ہوتا ہے اور دینار چھ درہم (تین روپئے) کے[۱] آٹھ تومان کے معنے ہوئے اسی لاکھ دینار یا چار کروڑ اسی لاکھ درہم ! عضد یہ دولت لیکر لوٹا تو اُسے اندیشہ ہوا کہیں لشکر میں اس سے چھین نہ لی جائے، اس لئے اُس نے اس کو کئی حصّوں میں تقسیم کرکے اس طرح پیک کیا کہ وہ نظروں سے اوجھل ہوگئی۔ امیر احمد بن خواجہ رشید وزیر مملکت غیاث الدین محمد کا بھائی بعض بدعنوانیوں کی پاداش میں لشکر سے نکالا گیا، لیکن غیاث الدین کی پاس خاطر کے لئے اس کو امیر الیگاہ بنادیا گیا جس کا مطلب یہ تھا کہ وہ سلطنت کے جس حصہ میں چاہے وہاں کے گورنروں کی عدم موجودگی میں حاکم رہ سکتا ہے۔ اتفاق کی بات کہ احمد بن خواجہ کی سیّد عضد سے سرراہ مڈبھیڑ ہوگئی، اوّل الذکر نے بہت سا سونا چاندی سیّد عضد سے رکھوالیا اور غالباً ابوسعید (شاہِ ایران) اور خاتون کو تحفہ تحائف دینے کے لئے اُس سے کئی اونٹ بھر برتن بھی بنوالئے، میرا خیال ہے اُس نے سیّد عضد کو لشکر لوٹنے کی بھی دعوت دی، لیکن موت نے اُسے آپکڑا، اس کے بعد ابوسعید (شاہِ ایران) اور سیّد عضد بھی چل بسے، حالات بدل گئے اور سونا چاندی خورد بُرد ہوگیا اور اس کے کمانے والوں کو اُس سے فائدہ اُٹھانا نصیب نہ ہوا۔

ابن حکیم: دلی کا یہ سلطان غیر معمولی فیاض ہے اور پردیسیوں کے ساتھ بڑے لطف وکرم سے پیش آتا ہے، ایک فاضل فارس سے اس کے پاس آیا اور اس کی خدمت میں فلسفہ کی کتابیں پیش کیں جن میں ابن سینا کی شفا بھی تھی، اتفاق کی بات کہ وہ جب حاضر ہوا اور کتابیں پیش کیں تو قیمتی جواہرات کا ایک بڑا بنڈل سلطان کے پاس لایا گیا، اُس نے مٹھی بھر موتی بنڈل سے لئے اور نو وارد کو دیدیئے، ان کی قیمت بیس ہزار مثقال سونا[۲] تھی، اس کے علاوہ اس کو بعد میں مزید انعام بھی ملا۔

سیّد شریف سمرقندی نے مجھ سے بیان کیا کہ: اہل بخارا خربوزے لیکر جوجاڑے تک اُن

---

[۱] یعنی عُمری کے وقت کی شرح تبادلہ کے مطابق۔ [۲] ایک سو سولہ روپے فی تولہ کے حساب سے جو اس وقت سونے کا بھاؤ ہے بیس ہزار مثقال لگ بھگ نو لاکھ روپے کے برابر ہوئے۔

کے ہاں چلتے ہیں، بادشاہ کے پاس آتے ہیں اور وہ اُن کو بڑے بڑے عطیئے دیتا ہے، میں ایک شخص سے واقف ہوں جو سلطان کے لئے دو اونٹ بھر خربوزے لیکر چلا لیکن اُن کا بیشتر حصہ راستہ میں خراب ہوگیا اور صرف بائیس خربوزے صحیح و سالم پہنچے، سلطان نے اس شخص کو تین ہزار مثقال[۵] سونا دیا۔ شیخ ابو بکر بن ابی حسن ملتانی نے جو حافظ ابن تاج مشہور ہیں بتایا کہ اس انعام کی خبر ہمیں ملتان میں ہوئی اور اس کا وہاں خوب چرچا ہوا، پھر میں دلی گیا تو میں نے وہاں بھی یہ بات مشہور پائی کہ سلطان محمد بن تغلق کی یہ طے شدہ پالسی ہے کہ کسی کو تین ہزار مثقال سے کم انعام یا عطیہ نہیں دیتے۔

خُجندی نے مجھ سے کہا:۔ میں خُجندہ سے سُلطان محمد بن تغلق کی خدمت میں باریابی کے ارادہ سے چلا اور دہلی آکر اُن سے ملا تو اُنھوں نے مجھے ایک ہزار مثقال[۵] سونا عنایت کیا، پھر مجھ سے پوچھا: تم ہندوستان میں رہنا پسند کروگے یا وطن لوٹنا چاہتے ہو؟ میں نے کہا:۔ میں یہیں رہنا چاہتا ہوں" سلطان نے مجھے فوج میں بھرتی کرلیا۔

شیخ ابو بکر بن خلّال بزّی صوفی نے مجھ سے بیان کیا: سلطان نے ایک جماعت کے ساتھ جس میں، میں بھی تھا تین لاکھ مثقال[۵] سونا ماورا النہر بھیجا، ایک لاکھ وہاں کے علماء اور ایک لاکھ فقراء میں بانٹنے کے لئے اور ایک لاکھ سے سلطان کا سامان خریدنے کے لئے، سلطان نے ہم سے کہا: مجھے معلوم ہوا ہے کہ شیخ بُرہان الدین ساغرجی، شیخ سمرقند جو علم و زہد میں یکتائے وقت ہیں، کبھی روپیہ پیس انداز نہیں کرتے، تم انھیں چالیس ہزار تنکے (ایک لاکھ ساٹھ ہزار روپے، فی تنکہ چار روپئے کے حساب سے) دینا تاکہ وہ ملتان آجائیں، جب وہ ہماری عملداری میں آجائیں گے تو ہم دل کھول کر اُن کو نوازیں گے، اگر تم انھیں گھر پر نہ پاؤ تو یہ رقم اُن کے متعلقین کو دیدینا، وہ واپسی پر اُن کو دیدیں اور کہیں کہ ہماری خواہش ہے کہ اس روپئے سے وہ ملتان آجائیں۔ بزّی کہتے ہیں کہ جب ہم سمرقند پہنچے تو ہمیں

---

[۵] سونے کے موجودہ نرخ سے لگ بھگ ڈیڑھ لاکھ روپے [۵۲] لگ بھگ ڈیڑھ کروڑ، سونے کے موجودہ بھاؤ کی رو سے

معلوم ہوا کہ شیخ برہان چین جا چکے ہیں، ہم نے روپیہ اُن کی خادمہ کو دیا اور کہا کہ سلطان بڑے خواہشمند ہیں کہ وہ ملتان آجائیں۔

فقیہ ابوصفار عمر بن اسحاق شبلی نے مجھ سے بیان کیا: سلطان محمد بن تغلق سفر میں ہوں یا حضر میں، علمار اُن کے ساتھ ضرور ہوتے ہیں، ایک جنگی مہم پر ہم اُن کے ساتھ جارہے تھے کہ اُن کی ہراول فوج کی طرف سے فتح کی خوش خبری کے خط موصول ہوئے، بادشاہ نے فتح کی خبر سے مسرور ہوکر کہا کہ یہ فتح علمار کی برکت سے حاصل ہوئی ہے، اُس نے حکم دیا کہ سارے عالم خزانہ میں جائیں اور ہر فرد جتنا روپیہ لے سکے لے لے۔ اور اگر کوئی کمزوری کی وجہ سے روپے کی تھیلیاں نہ اُٹھا سکے تو وہ کسی دوسرے کو بھیج دے، علمار خزانہ میں گئے لیکن میں اور مجھ جیسے بہت سے عالم جن کا تعلق صفِ اول سے نہ تھا، رکے رہے، ہر شخص نے دو تھیلیاں اٹھالیں، ہر تھیلی میں دس ہزار درہم (پانچ ہزار روپے) تھے، لیکن ایک عالم صاحب ایسے تھے جنھوں نے تین تھیلیاں لیں، دو بغلوں میں دبالیں اور ایک سر پر رکھی، سلطان اس حریص کو دیکھ کر ہنس پڑا۔ اُس نے پوچھا کہ باقی عالم خزانہ میں کیوں نہیں گئے تو اُسے بتایا گیا کہ اُن کا مرتبہ نیچا ہے جانے والے پروفیسر تھے اور یہ لیکچرر ہیں، سلطان نے حکم دیا کہ ہم سب کو ہزار ہزار دینار دیئے جائیں

۳۹۔ سلطان اور علمار

ابوصفار شبلی نے کہا: یہ سلطان شریعت کا پابند ہے اور اہلِ علم کی قدر کرتا ہے، اُس کی حکومت میں علمار کا احترام کیا جاتا ہے اور وہ اپنا وقار اور بھرم قائم رکھنے کے لئے ظاہر و باطن کی اصلاح کا بے انتہا خیال رکھتے ہیں، چنانچہ وہ ہمیشہ درس و تدریس میں لگے رہتے ہیں، اور اپنے سارے کام سوچ بوجھ سے کرتے ہیں اور اپنے تمام معاملات میں راہ اعتدال پر رہتے ہیں، یہ سلطان برابر فتوحات میں لگا رہتا ہے، خشکی کی طرف سے اپنی عنان وسنان موڑتا ہے نہ سمندر کی طرف سے۔ اُس نے دور دور تک ہند میں اسلام وایمان کی اشاعت کی روشنی پھیلائی اور رشد و ہدایت کی بجلیاں

Marfat.com

چکا ہیں۔ اُس نے آتش خانے ڈھائے، بت توڑے اور ملک کو غیر صالح عناصر سے پاک کیا، ان سے اس کی ذمی رعایا مستثنیٰ ہے، اس کی کوشش سے شرقِ اقصیٰ تک اسلام پھیل گیا، اُس نے اُمّتِ محمدیہ کا جھنڈا وہاں تک پہونچا دیا جہاں جیساکہ ابو نصر عتبی (مورخ محمود غزنوی) کہتا ہے کبھی کوئی جھنڈا نہ پہونچا تھا، نہ جہاں کبھی آیتِ قرآنی پڑھی گئی تھی، اُس نے مسجدیں آباد کیں، ترنم کے ساتھ اذان دینا اور زمزمہ کے ساتھ قرآن پڑھنا پسند کرایا، اور اسلام کے پیروؤں کو کفار کے سر پر لا بٹھایا اور ان کی دولت و وطن کا وارث بنا دیا۔ خشکی میں اُس کے جھنڈوں کے عقاب ہیں اور سمندر میں کشتیوں کے غراب، غلاموں کی اتنی کثرت ہے کہ کوئی دن ایسا نہیں جاتا جب ہزاروں کوڑیوں کے مول نہ بیچے جاتے ہوں۔

۴۰۔ غلام اور کنیزیں

میرے سب راویوں نے بتایا کہ خدمت گار کنیز کی قیمت دلّی میں آٹھ تنکے (بتیس روپے، فی تنکہ چار روپے کے حساب سے) سے زیادہ نہیں ہوتی اور جو کنیزیں خدمت اور ہم بستری دونوں کے لئے موزوں ہوتی ہیں اُن کی قیمت پندرہ تنکے (ساٹھ روپے) ہوتی ہے، دوسرے شہروں میں اُن کی قیمت اور بھی کم ہے۔ ابو صفار عمر شبلی نے مجھ سے کہا: میں نے ایک قریب البلوغ اور کارگذار غلام چار درہم (دو روپے) میں خریدا۔ اسی سے غلاموں کی ارزانی کا اندازہ کر لیجئے۔ شبلی: غلاموں کی ارزانی کے باوجود ہند میں ایسی کنیزیں بھی پائی جاتی ہیں جن کی قیمت بیس ہزار تنکے (اسّی ہزار روپے) اور اس سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔ ابن تاج نے بھی یہی بات کہی۔ میں نے پوچھا: اس قدر ارزانی کے باوجود کنیزوں کی قیمت اتنی زیادہ کیوں ہے، تو سب راویوں نے باتفاق رائے کہا کہ اس کی وجہ اُن کا صوری و معنوی حُسن ہے، اس نوع کی بیشتر کنیزیں حافظِ قرآن ہوتی ہیں، لکھنا جانتی ہیں، شعر اور تاریخ سناتی ہیں، گانے اور ستار بجانے میں ماہر ہوتی ہیں، شطرنج اور چوسر کھیلتی ہیں اور اپنے کمالات پر فخر و مباہات کرتی ہیں، ایک کہتی ہے:۔ میں

تین دن میں اپنے آقا کا دل موہ لیتی ہوں، دوسری کہتی ہے: میں ایک ہی دن میں اس کے دل کی ملکہ بن جاتی ہوں، تیسری کہتی ہے: میں ایک ہی گھنٹہ میں اس کے دل پر فتح پالیتی ہوں" چوتھی کہتی ہے: دن اور گھنٹے کیا میرا جادو تو آنکھ جھپکتے چلتا ہے" میرے سب راویوں نے متفقہ طور پر کہا کہ ہند کی حسینائیں ترک و قپچاق عورتوں سے زیادہ دلکش ہوتی ہیں، ان کی عمدہ تعلیم و تربیت اور ہنر ذاتی اس پر مستزاد۔ ان کا رنگ بیشتر سنہرا یا چمپئی ہوتا ہے لیکن گوری اور گلفام عورتوں کی بھی کمی نہیں، ہند میں ترک، قپچاق، روم غرض کہ ہر نسل کی عورتیں موجود ہیں لیکن ترجیح "ملاح ہندیات" ہی کو دیجاتی ہے، ان کی دل آویزی، حلاوت اور دوسری خوبیوں کی وجہ سے جن کے اظہار سے الفاظ قاصر ہیں۔

۴۱۔ لباس

سراج الدین عمر شبلی نے مجھ سے کہا: اس سلطنت میں روس اور اسکندریہ سے درآمد کئے السی کے کپڑے نہیں پہنے جاتے الا یہ کہ سلطان کی طرف سے کسی کو پہنائے جائیں، عام طور پر خوش حال لوگ اعلیٰ قسم کی روئی کے کپڑے پہنتے ہیں، روئی کے سوت سے بغداد کے چھوٹے کوٹ سے ملتی جلتی قمیصیں بنائی جاتی ہیں۔ لیکن بغداد کے کوٹ یا نصفی[1] کا ہندی قمیصوں سے کیا مقابلہ! ہند کا سوتی کپڑا اس سے کہیں بڑھیا نرم اور دیدہ زیب ہوتا ہے، اس کی کچھ قسمیں ایسی نرم، گف اور آب دار ہوتی ہیں جیسے اطلس ریشم۔

شیخ مبارک نے مجھ سے بیان کیا: بس وہ لوگ غلاف چڑھی یا زیور سے آراستہ زینوں پر بیٹھتے ہیں جن کو سلطان اس قسم کا انعام عطا کرتا ہے، انعام پانے والے کو اب اس بات کی رخصت ہوتی ہے کہ زین کو پوشش یا زیور سے مزین کرلے، عام طور پر غلاف چڑھی زینوں پر چاندی کا کام ہوتا ہے یا چاندی کے زیور سے انھیں آراستہ کیا جاتا ہے۔

---

[1] نصف پنڈلی تک لمبی قمیص۔

شیخ مبارک : سلطان سرکاری منصب داروں کو خواہ وہ اہلِ سیف ہوں، خواہ اہلِ قلم خواہ اہلِ علم، اعلیٰ قسم کا سامان، جائدادیں، مال و دولت، جواہرات، گھوڑے، زرکار زینیں، زرکار پٹکے اور قسم قسم کے کپڑے عنایت کرتا ہے، اس کے انعام کی فہرست سے صرف ہاتھی خارج ہیں، ہاتھی رکھنا صرف شاہی حق ہے اور اس میں کوئی دوسرا اس کے ساتھ شریک نہیں ہوتا۔

۴۲۔ سلطان کے ہاتھی اور اُن کا راتب

ہاتھی کے کھانے چارہ کے لیے سرکار سے کئی قسم کے راتب مقرر ہیں، سلطان کے تین ہزار ہاتھیوں کے خرچ کے لئے شاید ایک بڑی حکومت کی آمدنی درکار ہوتی ہو، میں نے شیخ مبارک سے پوچھا کہ شاہی ہاتھیوں پر کیا خرچ ہوتا ہے تو انھوں نے کہا: ہاتھی مختلف قسم کے ہوتے ہیں اور جیسا ہاتھی ویسا ہی اس کا راتب ہوتا ہے۔ میں ہاتھی کی زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم غذا بتاتا ہوں: ایک ہاتھی کے لئے زیادہ سے زیادہ بیس سیر چاول، تیس سیر جو، دس سیر گھی اور آدھی گٹھری گھاس درکار ہے[1]۔ مہاوتوں اور دیکھ بھال کرنے والوں کا مشاہرہ بھی بہت ہوتا ہے اور کئی قسم کا۔ ہاتھیوں کا داروغہ اکابر سلطنت میں سے ایک ممتاز آدمی ہے جس کی جائداد بقول شبلی عراق جیسے بڑے ملک کے برابر ہوگی۔

۴۳۔ لڑائی کے میدان میں فوجی ترتیب اور طریقِ جنگ۔

سلاطینِ ہند میدان جنگ میں اس فوجی ترتیب سے کھڑے ہوتے ہیں: قلب لشکر میں بادشاہ ہوتا ہے اور اس کے ارد گرد ائمہ و علماء، آگے پیچھے تیر انداز، میمنہ اور میسرہ دور دور تک پھیلے ہوئے اور ایک دوسرے سے متصل ہوتے ہیں، بادشاہ کے سامنے ہاتھی فوج ہوتی ہے، ہاتھی آہنی تاروں کی جھولیں پہنے ہوتے ہیں اور اُن پر پردے دار بُرج بنے ہوتے ہیں جن میں شور ما

[1] راوی نے ہاتھی راتب کی کم سے کم مقدار نہیں بتائی۔

متعین ہوتے ہیں جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ برجوں میں تیر پھینکنے کے سوراخ اور جھروکے ہوتے ہیں جن سے جلتے پٹرول کی بوتلیں پھینکی جاتی ہیں، ہاتھیوں کے سامنے پیادہ غلام تلواروں اور ہتھیاروں سے مسلح دشمن کے سواروں پر وار کر کے ہاتھیوں کے لئے راستہ کھولتے ہیں اور اُن کے گھوڑوں کو نکما کرتے ہیں۔ اور عقب میں تیرانداز برجوں سے تیر پھینک کر دشمن کے سواروں کو بھگاتے ہیں اور میمنہ و میسرہ کے سوار دور دور تک چاروں طرف سے دشمن کو گھیر لیتے ہیں اور ہاتھیوں کے پیچھے اور اُن کے آس پاس لڑتے ہیں، نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دشمن کے سپاہیوں کو گھس کر لڑنے کی جگہ نہیں ملتی، اور اگر دشمن کا سپاہی گھس بھی آتا ہے تو مشکل ہی سے زندہ بچتا ہے، کیونکہ سلطان کی ہر طرف سے محاصر فوج محتاط رہتی ہے، اوپر سے تیر اور آگ کی بارش ہوتی ہے اور نیچے سے پیدل فوج اُچکنے کے لئے مستعد رہتی ہے، اس طرح دشمن کو ہر جگہ اور ہر طرف موت و تباہی سے سامنا کرنا پڑتا ہے۔

تغلق شاہ کو جو فتوحات اور کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں اور جس پیمانہ پر اُس نے نئے نئے علاقے فتح کئے اور جس طرح اُس نے کفر کے مرکز ڈھائے، جادوگروں کا جادو درہم برہم کیا، اور اہلِ ہند کی بتوں اور مورتیوں سے عقیدت کو جس طرح باطل کیا، ان سب امور میں ہند کا کوئی دوسرا پیشرو مسلم تاجدار اُس کا ہمسر نہیں، سمندر میں اِکّا دُکّا ایسے جزیرے رہ گئے ہیں جہاں اس کی حکومت نہیں اور جن کی اس کو خبر بھی نہیں، اگر ہوتی تو وہ اُن کو بھی مسخر کر لیتا، ہند کی مجلسیں اس کے ذکر کی خوشبو سے مہک رہی ہیں اور...... (؟) وہ آج سلطانِ ہند ہے اس لفظ کا اطلاق صرف اُسی پر ہوتا ہے اور یہ معزز نام اس کے سوا کسی دوسرے کو راست نہیں آتا۔ شبلی نے کہا: مناسب ہو کہ مسلمان اس سلطان کے لئے جو اسلام کی خاطر جہاد کرتا ہے اور جس کے یہ احسانات ہیں اور یہ خوبیاں، خدا سے دعا کریں۔

۴۴۔ بدھ کے دن دربارِ عام

محمد خجندی نے مجھ سے بیان کیا: تغلق شاہ ہر ہفتہ بدھ کے دن ایک مجلس منعقد کرتا ہے،

Marfat.com

جس میں عام لوگ جمع ہوتے ہیں، سلطان ایک وسیع میدان میں بیٹھتا ہے جہاں اس کے لئے ایک بڑا چتر لگایا جاتا ہے، اس کے نیچے ایک نمایاں جگہ پر اونچا سا تخت رکھا جاتا ہے جس پر سلطان متمکن ہوتا ہے، تخت پر سونے کے پتر چڑھے ہوتے ہیں اور جواہرات جڑے ہوتے ہیں، ارباب دولت دائیں بائیں صفوں میں کھڑے ہوتے ہیں، پیچھے سلاحداریہ اور جمداریہ (لباس بردار .... ؟) اور دوسرے عہدیدار حسب مراتب اپنی جگہ ہوتے ہیں، سلطان کے سامنے صرف صدر جہاں اور سکریٹری بیٹھتے ہیں، حاجب کھڑے رہتے ہیں، عام منادی کرادی جاتی ہے کہ اگر کسی کو کوئی شکایت یا ضرورت ہو تو لائے، جب کوئی آتا ہے یا سلطان کے حضور کھڑا ہوتا ہے تو اُسے نہ تو مارا جاتا ہے نہ عرضداشت پیش کرنے سے روکا جاتا ہے، وہ آزادی سے اپنی شکایت پیش کرتا ہے اور سلطان جو مناسب فیصلہ ہوتا ہے صادر کرتا ہے۔

۴۵۔ دربارِ خاص اور آدابِ حاضری

ہفتہ کے باقی دنوں میں سلطان کی مجلس صبح شام منعقد ہوتی ہے جس میں خان، ملک اور امیر حاضر ہوتے ہیں، سلطان کے آدابِ مجلس میں ایک بات یہ ہے کہ کوئی شخص بڑا ہتھیار تو در کنار چھوٹا چاقو تک لیکر اُس کے پاس نہیں آسکتا، اور ہر آنے والے کو سلطان کے پاس جانے سے پہلے بغور دیکھا بھالا جاتا ہے، سلطان کی مجلس سات دروازے دور ہوتی ہے اور پہلے دروازہ پر ایک افسر مامور ہوتا ہے جس کے پاس بگل ہوتا ہے، جب کوئی خان یا ملک یا بڑا آدمی آتا ہے تو وہ افسر بگل بجاتا ہے تاکہ سلطان کو معلوم ہو جائے کہ کوئی بڑی ہستی آرہی ہے اور وہ چوکنا اور تیار رہے؛ بابِ عالی پر آنے والا خواہ کتنا ہی بلند مرتبہ ہو، پہلے دروازہ سے پا پیادہ ہو جاتا ہے اور ساتوں دروازے پیدل چل کر سلطان کی خدمت میں باریاب ہوتا ہے، البتہ معدودے چند لوگوں کو سلطان کی طرف سے رخصت ہے کہ چھ دروازوں تک سوار رہیں، آنے والا جب دروازے طے کرتا ہے تو اس اثنا میں برابر بگل بجتا رہتا ہے، یہاں تک کہ وہ ساتویں دروازہ تک پہنچ جاتا ہے جہاں کہ سب آنے

Marfat.com

والے بیٹھ کر باریابی کا انتظار کرتے ہیں، جب ملنے والوں کی تعداد پوری ہوجاتی ہے تو اُن کو حاضری کی اجازت ملتی ہے، داخل ہونے والوں میں جو بیٹھنے کے اہل ہوتے ہیں وہ سلطان کے اردگرد بیٹھ جاتے ہیں اور جو اہل نہیں ہوتے وہ کھڑے رہتے ہیں، قاضی اور وزیر بیٹھتے ہیں، سکریٹری ایسی جگہ کھڑے ہوجاتے ہیں جہاں سلطان کی نظر اُن پر نہیں پڑتی، بساط پھیلا دیئے جاتے ہیں، حاجب عرضداشتیں پیش کرتے ہیں، ہر صنف کی درخواستوں کے لئے الگ الگ حاجب ہوتے ہیں، ساری درخواستیں بڑے حاجب کو دیدی جاتی ہیں، وہ اُنھیں سلطان کے سامنے رکھتا ہے، جلسہ برخاست ہونے پر بڑا حاجب سکریٹری کے پاس آبیٹھتا ہے اور وہ درخواستیں اس کے حوالہ کرتا ہے جن پر سلطان نے حکم لکھے ہوتے ہیں، سکریٹری اُن کو نافذ کر دیتا ہے۔

۴۶۔ عالموں، ندیموں اور گوّیوں کی مجلس

دربارِ عام کے بعد سلطان خاص مجلس کرتا ہے اور اُن عالموں کو بُلاتا ہے جو عادۃً اس کی خدمت میں رہتے ہیں، وہ اُن کے ساتھ بیٹھتا ہے، اُن سے دلچسپی لیتا ہے اور باتیں کرتا ہے، اور اُن کے ساتھ کھانا کھاتا ہے، یہ عالم اُس کے "معتمدِ خاص" ہیں، تھوڑی دیر بعد وہ انھیں لوٹنے کا اِذن دیتا ہے اور اب ندیموں اور گویوں کی محفل گرم ہوتی ہے، کبھی ندیموں سے مصروفِ گفتگو ہوتا ہے کبھی کوئی موسیقار اسے گانا سناتا ہے، لیکن خلوت ہو یا جلوت وہ کسی حال میں بھی پاکبازی، طہارت و عفت کا دامن نہیں چھوڑتا، حرکت و سکون ہر حالت میں اپنے نفس کا محاسبہ کرتا ہے اور خلوت و جلوت دونوں میں خدا پر اُس کی نظر رہتی ہے، نہ خود کسی حرام کا مرتکب ہوتا ہے نہ دوسرے کے ساتھ رو رعایت کرتا ہے۔

۴۷۔ دِلّی میں شراب کا فقدان

شبلی نے مجھ سے کہا: - دلّی میں شراب بالکل نہیں ہوتی، نہ تو ظاہرا نہ چھپا چوری، کیونکہ شراب کے معاملہ میں سلطان خصوصیت کے ساتھ سخت ہے اور شراب نوشوں کو بہت ناپسند کرتا ہے۔

۴۸۔ ہند میں پان سے خاطر تواضع

اس کے علاوہ اہلِ ہند خود بھی شراب سے رغبت نہیں رکھتے اور نہ دوسری نشہ آور چیزوں سے، کیونکہ اُنھوں نے پان کو مسکرات کا نعم البدل بنا لیا ہے، پان حلال و پاک ہے، اُس میں کوئی آلودگی یا ضرر نہیں بلکہ اُس میں ایسی خوبیاں ہیں جو شراب میں مفقود ہیں، مثلاً یہ کہ وہ منہ کو خوشبودار کر دیتا ہے، کھانا ہضم کرتا ہے اور رُوح میں خاص سرور و انبساط پیدا کرتا ہے، ہوش و حواس قائم رکھتا ہے، ذہن کو صاف کرتا ہے اور مزیدار ہوتا ہے، اس کے اجزائے ترکیبی یہ تین ہیں: پان کا پتہ، چھالیہ اور چونا جو خاص طریقہ سے بنایا جاتا ہے۔ شبلی نے کہا: اہلِ ہند کے نزدیک مہمان نوازی کی سب سے پُراحترام شکل یہ ہے کہ پان پیش کیا جائے، اگر کوئی شخص کسی مہمان کی مختلف کھانوں، شربتوں، حلوؤں، عطروں اور پھولوں سے خاطر مدارات کرے لیکن اُس کو پان نہ دے تو گویا اُس نے نہ تو مہمانداری کا حق ادا کیا اور نہ مہمان کی پُوری قدر و منزلت کی، اسی طرح اگر کوئی بڑا آدمی کسی ملاقاتی کی خاطر مدارات کرنا چاہتا ہے تو اس کو پان پیش کرتا ہے۔

۴۹۔ خبر رسانی

علامہ سراج الدین ابوصفا شبلی نے مجھ سے بیان کیا: یہ سُلطان اپنی سلطنت، اپنے لشکر، اور رعایا کے حالات معلوم کرنے کا خاص اہتمام رکھتا ہے، اُس کا ایک ادارہ خبر رسانی ہے، جس کے افسروں کو منہی کہتے ہیں، منہیوں کے کئی گریڈ ہوتے ہیں، اُن میں سے بعض کا تعلق لشکر سے ہوتا ہے اور بعض کا عوام سے۔ منہی کو جب کوئی ایسی بات معلوم ہوتی ہے جس کی خبر بادشاہ کو ہونا چاہئے تو وہ اپنے افسر بالا کو رپورٹ بھیجتا ہے اور وہ اپنے افسر بالا کو، حتّٰی کہ رپورٹ سلطان کو پہنچ جاتی ہے۔

۵۰۔ ڈاک چوکیاں

دور دراز صوبوں سے خبریں بھیجنے کا طریقہ یہ ہے کہ تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر ایسی ڈاک

Marfat.com

چوکیاں ہیں جیسی مصر و شام میں پائی جاتی ہیں، لیکن یہاں زیادہ نزدیک ہوتی ہیں، تیر کی چوگنی مسافت پرواز[۱] یا اس سے کچھ کم، ہر چوکی پر دس ڈاک قلی ہوتے ہیں، ان میں سے جس کی باری ہوتی ہے وہ ڈاک لیکر اپنے سے اگلے کے پاس امکان بھر تیزی سے بھاگتا ہے اور اگلی چوکی کے ڈاک قلی کو دیتا ہے، اب یہ بھاگ کر اپنے اگلے ڈاک قلی کے حوالے کرتا ہے، ڈاک دینے کے بعد ہر قلی عادی چال سے اپنی اپنی چوکی کو لوٹ آتا ہے، اس طرح ڈاک دور ترین جگہوں پر کم سے کم وقت میں پہنچ جاتی ہے، ڈاک گھوڑوں اور ڈاک اونٹوں سے زیادہ جلد۔ ہر ڈاک چوکی پر مسجدیں ہیں جہاں نماز باجماعت ہوتی ہے، مسافر ٹھہرتے ہیں، پانی کے لئے تالاب اور کھانے چارہ کے لئے بازار ہیں، اس لئے کسی مسافر کو اپنے ساتھ زادِ راہ اور ڈیرہ خیمہ رکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

اس سلطان کے اہتمام جہانداری کا ایک نمونہ یہ ہے کہ اس نے سلطنت کی دونوں راج دھانیوں۔ دلی اور دیوگیر کے درمیان ڈاک چوکیوں میں نقاروں کے ذریعہ خبر رسانی کا انتظام کیا ہے جب کسی شہر میں کوئی اہم واقعہ ہوتا ہے یا کوئی قلعہ فتح یا حصار بند ہوتا ہے (؟) تو نقارہ بجایا جاتا ہے، جب اگلی چوکی پر اس کی آواز پہنچتی ہے تو وہاں بھی نقارہ بجنے لگتا ہے، اس طرح سلطان کو جو موقع جنگ سے دور ہوتا ہے، شہر کے فتح یا حصار بند ہونے کی بہت جلد خبر مل جاتی ہے۔

اگرچہ یہ سلطان عوام سے قریب رہتا ہے اور ان کے ساتھ نرمی سے بات کرتا ہے، پھر بھی اس کا رعب داب ایسا ہے کہ لوگوں کے دل کانپتے ہیں، اور گو کہ اس کے محل پر کڑا پہرہ ہے اس سے جو چاہے مل سکتا ہے، یوں تو ہند ہر زمانہ میں خوش حالی اور داد و دہش کے لئے مشہور رہا ہے، لیکن اس سلطان کے عہد میں خاص طور سے رزق کی فراوانی ہے اور خدا نے اپنی نعمتیں دگنی چوگنی کر دی ہیں۔

---

[۱] مصباح المنیر میں تیر کی مسافت پرواز چار سو ذراع یعنی لگ بھگ سوا فرلانگ (۲۶۶ گز) بتائی گئی ہے اس حساب سے دو ڈاک چوکیوں کا درمیانی فاصلہ لگ بھگ پانچ فرلانگ بنتا ہے۔ مصباح المنیر طبع ہند ص۳۵۱

۵۱ - ارزانی

خجندی نے مجھ سے بیان کیا: میں نے اور میرے تین ساتھیوں نے دلّی کے ایک گاؤں میں پیٹ بھر کر گائے کا گوشت، روٹی اور گھی ایک جیتل (چار پیسے) میں کھایا۔

۵۲ - سکّے

اب میں اہلِ ہند کے سکّے بیان کروں گا، اس کے بعد نرخ جو سکّوں کے ذریعہ مقرر ہوتے ہیں اور جن سے نرخوں کا علم ہوتا ہے، شیخ مبارک نے مجھ سے کہا: لکِ احمر کے معنی ہیں سونے کے ایک لاکھ تنکے، ہند کے باشندے تنکۂ احمر کو تنکۂ سُرخ کہتے ہیں اور یہ تین مثقال ...... کے برابر ہوتا ہے، لکِ ابیض کے معنیٰ ہیں چاندی کے ایک لاکھ تنکے، چاندی کا تنکہ آٹھ اٹھنیوں یعنی چار روپے کے برابر ہوتا ہے، یہ اٹھنی قیمت اور وزن میں چاندی کے اس درہم کے مساوی ہوتی ہے جو مصر و شام میں رائج ہے اور جس کی قیمت دونوں ملکوں میں یکساں ہیں، اٹھنی چار سلطانیوں کے برابر ہوتی ہے، سلطانی کو دوانّی کہتے ہیں، سلطانی چھ اٰنّی کا تہائی ہوتی ہے، چھ اٰنّی ہند میں خرید و فروخت کا تیسرا سکّہ ہے، یہ اٹھنی کے تین چوتھائی کے بقدر ہوتی ہے، سلطانی یا دوانّی کے آدھے کو اکنّی کہتے ہیں۔ اکنّی اور جیتل قیمت میں برابر ہیں، ان کے علاوہ ایک سکّہ بارہ اٰنّی ہوتا ہے اٹھنی کا ڈیوڑھا، اور ایک سکّہ سولہ اٰنّی ہوتا ہے، دو اٹھنیوں کے برابر، اس طرح ہند میں کل چھ سکّے رائج ہیں: سولہ اٰنّی، بارہ اٰنّی، اٹھنی، چھ اٰنّی، دوانّی (سلطانی)، اکنّی۔ ان تمام سکّوں کے ذریعہ لین دین اور تجارت ہوتی ہے، لیکن دوانّی زیادہ چلتی ہے، دوانّی کی قیمت مصر و شام کے درہم کے چوتھائی کے برابر ہے، سلطانی (دوانّی) میں آٹھ پیسے ہوتے ہیں، یعنی دو جیتل، جیتل چار پیسے کا ہوتا ہے، اس طرح اٹھنی میں جو مصر و شام کے درہم کے برابر ہے بتیس پیسے ہوئے۔

۵۳۔ اوزان اور نرخ

اہل ہند کے رطل (پونڈ) کا نام سیر ہے[1] سیر ستر مثقال کا ہوتا ہے اور ستر مثقال مصر میں ایک سو دو اور دو تہائی درہم کے برابر ہیں، چالیس سیر کا ایک من ہوتا ہے، ہند کے لوگ ناپنے کے پیمانوں سے ناواقف ہیں، نرخوں میں درمیانی نرخ گیہوں کا ہے یعنی بارہ آنے کا ایک من، جو آٹھ آنے کے ایک من، چاول چودہ آنے کے ایک من، اعلیٰ قسم کے چاول کا نرخ زیادہ ہے، چنے آٹھ آنے کے دو من، گائے اور بھیڑ کے گوشت کا نرخ ایک ہے، دو آنے کا چھ سیر بکری کا گوشت، دو آنے کا چار سیر، لطیخ یا مرغابی بارہ آنے کی ایک (فوٹو نسخہ: روپیہ کی ایک) مرغی چھ آنے کی چار (فوٹو نسخہ: آٹھ آنے کی چار) شکر آٹھ آنے کی پانچ سیر، مصری آٹھ آنے کی چار سیر، موٹی بکری کی عمدہ راس تنکہ (چار روپے) ہیں، گائے بھینس کی اچھی راس دو تنکے (آٹھ روپئے) ہیں اور کبھی اس سے بھی ارزاں۔

ہندی گائے اور بھیڑ کا گوشت زیادہ کھاتے ہیں، میں نے شیخ مبارک سے پوچھا: کیا اس کی وجہ بکریوں کی کمی ہے تو انھوں نے کہا: ”نہیں، بس ان دو جانوروں کا گوشت کھانے کی لوگوں کو عادت پڑگئی ہے، ورنہ بکریاں تو ہر گاؤں میں ہزاروں کے حساب سے ہوتی ہیں، اعلیٰ قسم کی چار مرغیاں آٹھ آنے میں آتی ہیں، کبوتر، چڑیاں اور مختلف قسم کے پرند کوڑیوں کے مول ہیں، ہر قسم کے چرند پرند کی بہتات ہے، یہاں ہاتھی اور گینڈے بھی پائے جاتے ہیں لیکن یہاں کی نسبت سماترا کا ہاتھی زیادہ بڑا اور شاندار ہوتا ہے۔

۵۴۔ لباس

اہلِ ہند عادۃً سفید کپڑے پہنتے ہیں اور پوری آستینوں کے ڈھیلے بانات کے کوٹ درآمد کئے ہوئے اونی کپڑے خوب نفع سے بکتے ہیں، صرف عالم اور درویش اون پوش ہوتے ہیں، سلطان، خان، ملک اور سارے فوجی افسر تاتاری ٹوپی اور کلاہ اوڑھتے ہیں اور خوارزمی قبائیں جو کمر پر چست ہوتی ہیں پہنتے ہیں

[1] برابر ۱/۲ ۱۲ چھٹانک اور درہم = ۱/۳ ۳ ماشہ

بڑھیا لائس ریشم کے چھوٹے عمامے جن کی لمبائی دس بارہ فٹ سے زیادہ نہیں ہوتی، سر پر باندھے جاتے ہیں۔

شریف ناصر الدین محمد حسین کارمی المعروف بہ زُمُرُدی نے جنھوں نے دو بار ہند کا سفر کیا اور سلطان قطب الدین ایبک کے مہمان رہے، مجھ سے بیان کیا کہ ہند کے لوگ زیادہ تر سفید کپڑے پہنتے ہیں، جمعہ کے دن اکثر لوگ ٹھاٹ دار لباس میں ملبوس ہوتے ہیں جن پر سونے کا کام ہوتا ہے، کچھ لوگوں کی آستینوں پر سونے کے تار سے نقش و نگار بنے ہوتے ہیں، اور کچھ کے مونڈھوں پر جیسا کہ مغلوں کا دستور ہے، قبائیں کی آستینیں مربع ہوتی ہیں اور ان پر جواہرات ٹکے ہوتے ہیں۔ ٹانکنے کیلئے زیادہ تر یاقوت و الماس استعمال کئے جاتے ہیں، لوگ لمبے بال رکھتے ہیں جیساکہ مصر و شام میں فوج کا فیشن ہے لٹوں میں ریشمی فیتے ڈالے جاتے ہیں کمر میں سونے چاندی کے پٹکے چرمی موزے اور مہمیزیں باندھی جاتی ہیں، تلوار صرف سفر کے دوران کمر سے لٹکائی جاتی ہے۔

وزیروں اور سکریٹریوں کا لباس فوجی افسروں کی طرح ہے لیکن وہ پٹکے نہیں باندھتے، کچھ وزیر اور سکریٹری پگڑی کا پلہ صوفیوں کی طرح آگے لٹکاتے ہیں، قاضیوں اور عالموں کا لباس ڈھیلی اچکن یا کوٹ ہوتا ہے، دوسرے لوگ گاؤں کی طرح ڈھیلے کوٹ یا قندرنامی دریائی جانور کی سُرخ فر سے بنے ہوئے کوٹ پہنتے ہیں۔

۵۵۔ دلّی کے لوگ

شبلی نے مجھ سے بیان کیا کہ دلّی کے باشندے ذہین اور خوش فکر ہوتے ہیں، فصیح فارسی اور ہندی بولتے ہیں، بعض اہل علم عربی میں بھی اچھے شعر کہتے ہیں۔ بہت سے مقامی شاعر جو درباری نہیں ہوتے جب سلطان کی شان میں قصیدے لکھتے ہیں تو وہ اُن سے دلچسپی لیتا ہے اور انھیں انعام دیتا ہے، شبلی نے کہا: سلطان کے ایک سکریٹری کا طریقہ ہے کہ فتح یا دوسرے اہم موقعوں پر وہ قصیدہ لکھتا ہے، سلطان کے حکم سے اُس کے شعر گنے جاتے ہیں اور ہر شعر پر سکریٹری کو دس ہزار تنکے (چالیس ہزار روپئے) دیئے جاتے ہیں، اکثر ایسا ہوتا ہے کہ سلطان کو کسی شاعر کے قصیدے

کے بعض شعر پسند آتے ہیں اور وہ یہ سمجھ کر کہ اگر اُس نے شاعر کے لیے انعام میں کوئی خاص رقم مقرر کر دی تو اس کا حق پورا پورا ادا نہ ہو گا وہ شاعر کو حکم دیتا ہے کہ خزانے میں جائے اور جو چاہے لے لے۔ شبلی نے سلطان کی غیر معمولی فیاضی پر میری حیرانی دیکھی تو کہنے لگے کہ اس داد و دہش کے باوجود سلطان حکومت کی نصف آمدنی بھی نہیں خرچ کرتا۔

۵۰۔ ہند میں دولت کی فراوانی

یکتائے روزگار شیخ شمس اصفہانی نے مجھ سے بیان کیا: قطب الدین شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کیمیا کے قائل تھے، میں نے اُن سے بحث کی اور کیمیا کے ذریعہ سونا سازی کو غلط قرار دیا، انھوں نے کہا: تمہیں معلوم ہے کہ سونے کی کتنی بڑی مقدار عمارتوں کے سجانے اور زیور بنانے میں ضائع ہوتی ہے اور جتنا سونا ضائع ہوتا ہے اتنا کانوں سے نہیں نکلتا، مجھے تحقیق سے معلوم ہے کہ گذشتہ تین ہزار سال میں ہندوستان سے سونا بالکل باہر نہیں گیا اور نہ وہ سونا جو باہر سے یہاں آیا، سوداگر ساری دنیا سے خالص سونا لیکر یہاں آتے ہیں اور اس سے عود، طبی جڑی بوٹیاں اور قسم قسم کے گوند خریدتے ہیں، اس سے ظاہر ہوا کہ سونا اگر بنایا نہ جاتا تو بالکل ختم ہو چکا ہوتا، ہمارے شیخ شہاب الدین نے کہا: قطب الدین شیرازی کا یہ قول تو درست ہے کہ جو سونا باہر سے ہندوستان آتا ہے وہ پھر لوٹ کر نہیں جاتا، لیکن اُن کا یہ کہنا کہ کیمیا برحق ہے، صحیح نہیں۔

مجھے معلوم ہوا ہے کہ محمد بن تغلق کے کسی پیش رو سلطان نے کوئی علاقہ فتح کیا اور وہاں اتنا سونا ملا کہ تیرہ ہزار بیلوں پر لادا گیا، اہلِ ہند کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ خوب روپیہ جمع کرتے ہیں، کسی سے اگر پوچھا جاتا ہے کہ تمہارے پاس کتنی دولت ہے تو وہ کہتا ہے: یہ تو میں نہیں بتا سکتا لیکن میں دوسرا یا تیسرا پوتا ہوں جو اپنے دادا کی دولت اس گولک میں جمع کر رہا ہوں، مجھے یہ نہیں معلوم وہ کتنی ہے!"

اہلِ ہند روپیہ جمع کرنے کے لیے زمین میں کنوئیں یا گڑھے کھودتے ہیں اور کچھ لوگ

تالاب میں گولک بناتے ہیں جس میں صرف اشرفیاں ڈالنے کے لئے سوراخ ہوتا ہے، ملاوٹ کے ڈر سے وہ نہ تو ڈھلا ہوا سونا لیتے ہیں، نہ سونے کے ٹکڑے اور نہ سونے کی چھڑیں بلکہ صرف دینار لیتے ہیں۔ ہند کے بعض جزیروں کے باشندوں کے پاس جب گھڑا بھر دینار ہو جاتے ہیں تو وہ چھت پر ایک جھنڈا گاڑ دیتے ہیں، کسی کی چھت پر دس اور اس سے بھی زیادہ جھنڈے لگے ہوتے ہیں۔

شیخ برہان الدین ابوبکر بن خلال محمد بزّی نے مجھ سے بیان کیا: اس سلطان (محمد بن تغلق) نے ایک علاقہ میں فوجیں بھیجیں جو حدود دیوگیر کے بالکل آخر میں واقع تھا، یہاں کے باشندے ہندو تھے، اور اُن کا ہر راجہ "رائے" کہلاتا تھا، شاہی فوج جب "رائے" سے نبرد آزما ہوئی تو اُس نے سفیر بھیجے کہ سُلطان سے کہدو کہ ہم سے جنگ نہ کرے اور باربرداری کے جتنے جانور چاہے بھیجدے میں سب کو سونے چاندی سے لاد دونگا، کما نڈران چیف نے سلطان کو "رائے" کی عرضداشت سے مطلع کیا تو سلطان نے جواب میں لکھا کہ "رائے" سے جنگ بند کردو، اور اس کو امان دیکر اپنے ساتھ میرے پاس لے آؤ۔ "رائے" جب حاضر ہوا تو سلطان نے اس کی آؤ بھگت اور عزت کی اور کہا: (دولت کے بارے میں) جو بات تم نے کہی ویسی میں نے آج تک نہیں سُنی، تمہارے پاس کتنی دولت ہے جو تم نے کہا کہ ہم جتنے جانور چاہیں بھیج دیں تم سب کو لاد دو گے؟" رائے: "مجھ سے پہلے اس سلطنت میں سات رائے حکومت کر چکے ہیں اور ہر ایک نے ستر ہزار ماہین دولت جمع کی ہے اور یہ سب میرے پاس موجود ہے۔" راوی: ماہین ایک بڑا حوض ہوتا ہے جس میں چاروں طرف سے سیڑھیوں کے ذریعہ اُترتے ہیں۔" رائے کی یہ بات سُن کر سُلطان حیران ہوا اور حکم دیا کہ اس ساری دولت پر شاہی مہر لگا دی جائے، پھر سلطان نے رائے سے کہا کہ اپنی قلمرو میں کوئی مناسب نمائندہ مقرر کرنے اور خود دہلی میں قیام کرے، سلطان نے اُسے مسلمان ہونے کی بھی دعوت دی لیکن وہ اسلام لانے کے لئے تیار نہ ہوا، سلطان نے اسے اپنے مذہب پر رہنے دیا، رائے دلی میں ٹھہر گیا اور اپنی قلمرو میں نمائندہ مقرر کردیا، سلطان نے رائے کو اس کے شایان شان وظیفہ دیا اور

بہت سارو پیہ اس کے نمائندہ کو اس کے خاندان میں تقسیم کرنے کو بھیجا تاکہ وہ سلطان کی رعایا بننا قبول کرلیں، تو خاتون پر اپنی مہر لگا کر سلطان نے ان کو جیون کا توں رہنے دیا، اس قصہ کے راوی بزرگ ہیں جن کی ثقاہت اور سچ گوئی مسلم ہے، تاہم اگر اس میں کوئی بات صحیح نہ ہو تو اس کی ذمہ داری اُن کے سر ہے۔

علی بن منصور عُقیلی نے جو بحرین کے ایک عرب رئیس ہیں مجھ سے بیان کیا کہ ہمارے سفیر برابر ہندوستان جاتے ہیں اور وہاں کے بہت سے حالات ہمیں معلوم ہیں، یہ خبر پے در پے ہمیں موصول ہوئی کہ اس سلطان نے بڑی بڑی فتوحات حاصل کی ہیں، کسی مفتوحہ شہر میں ایک تالاب تھا اور اس کے بیچوں بیچ ایک مندر جس کی تعظیم کی جاتی تھی اور لوگ اس کی مورتی پر نذرانے چڑھاتے تھے، جتنے نذرانے آتے وہ اس تالاب میں ڈال دیئے جاتے، سلطان نے شہر فتح کیا تو اُس کی توجہ اس مندر کی دولت کی طرف دلائی گئی۔ تالاب سے ایک بمبا کاٹا گیا جس سے ہو کر سارا پانی نکل گیا، اس کے نیچے جو سونا تھا وہ سلطان نے لے لیا (اور وہ اتنا زیادہ تھا) کہ وہ سوہا تھیوں اور کئی ہزار بیلوں پر لادا گیا۔

عُقیلی نے کہا: سلطان بڑا فیاض ہے اور پردیسیوں کے ساتھ خوب داد و دہش کرتا ہے۔ ہمارے دو عرب اس سے ملنے کے ارادہ سے گئے، انھیں اس کی خدمت میں باریاب ہونے کی سعادت حاصل ہوئی اور وہ اُن کے ساتھ بڑی مہربانی سے پیش آیا، خلعت سے ان کی عزت افزائی کی اور ان کو خوب روپیہ دیا، حالانکہ وہ یہاں کے معمولی عرب تھے، پھر سلطان نے اُن کو اختیار دیا کہ چاہے ہند میں قیام کرلیں، چاہے وطن مالوف چلے جائیں، ایک نے ہند میں اقامت پسند کی، اُس کو سلطان نے بڑی جائداد دی نیز بہت سارو پیہ اور بہت سے مویشی اور وہ اس وقت ہند میں خوب ٹھاٹ کررہا ہے۔ دوسرے نے وطن جانا پسند کیا، اس کو سلطان نے تین ہزار سونے کے تنکے مرحمت فرمائے اور اس کو خوش و خرم بحرین لوٹا دیا۔

Marfat.com

ہند کے کچھ متفرق حالات[۱]

اس باب میں جو حکایتیں بیان کی گئی ہیں وہ عُمری نے ہمعصر راویوں سے نہیں لی ہیں جیسا کہ مذکورہ بالا معلومات کا حال ہے، بلکہ اُن کتابوں سے اخذ کی ہیں جو اُن سے کئی سو برس پہلے قلمبند ہو چکی تھیں، جیسے ابو عمران موسیٰ بن رباح کی الصحیح من أخبار البحار و عجائبہا جو مصر کے سلطان کافور اخشیدی (چوتھی صدی ہجری) کے لئے لکھی گئی تھی اور فارسی کپتان بزرگ بن شہریار کی عجائب الہند جو ۱۸۸۳ء میں ہالینڈ کے مشہور شہر لائڈن میں طبع ہوئی تھی لیکن اب بے حد کمیاب ہے۔ موجودہ باب کی بیشتر حکایتیں عجائب الہند سے ماخوذ ہیں، اس میں جہاں جہاں "مجھ سے فلاں نے بیان کیا" کے الفاظ آئے ہیں وہاں مجھ سے کی ضمیر کا مرجع عُمری نہیں بلکہ بزرگ بن شہریار یا وہ مؤلف ہے جس کی کتاب سے عُمری نے حکایت نقل کی ہے۔

۵۷۔ ہند کی کسبیاں

مجھ سے ابو محمد حسن عمر نے بیان کیا کہ ہند کے ہر شہر میں کسبیاں ہوتی ہیں، لیکن ان کی مخصوص اور مشہور گھرانے ہوتے ہیں، ان کے علاوہ باقی لوگ ضبطِ نفس اور عفت پر سختی سے عمل کرتے ہیں، اُس مرد کو سخت ترین سزا دی جاتی ہے جو غیر کسبی سے زنا کرے، اور اس عورت کو بھی سخت سزا ملتی ہے جو ان کسبیوں میں سے نہ ہو جن کے نام سرکاری رجسٹروں میں درج ہوتے ہیں، غیر کسبی عورت اگر کسبی بننا چاہے تو اُس کے گھر والے اس سے سارے ناتے توڑ لیتے ہیں اور اس سے اپنے قطع تعلق کی تحریر لکھ دیتے ہیں اور اسے گھر سے نکال دیتے ہیں اور کبھی اس کو سلام نہیں کرتے، وہ عورت کسبی ہو جاتی ہے لیکن اس کا رُتبہ پیشہ ور کسبیوں سے کم ہوتا ہے، ہندوستان کے ہر شہر میں وہ بوڑھی کسبیاں گواہی دیتی ہیں جن کی مائیں اور نانیاں کسبی تھیں، اُن کی بات اور گواہی ہر

۱۔ دارالکتب قاہرہ میں محفوظ مسالک الابصار کے فوٹو نسخہ رقم ۵۵۹ (معارف عامہ) سے لئے گئے ہیں۔

Marfat.com

معاملہ میں سُنی اور مانی جاتی ہے، جب کوئی مرد کسبی سے اپنے ساتھ رات گذارنے کا وعدہ لے لے اور اس کو بیعانہ دیدے تو پھر اگر اُس کسبی کو کوئی دوسرا آدمی اُسی رات کے لئے دگنے چوگنے روپے بھی دے تو وہ اُس کے ساتھ رات نہ گذارے گی اور پہلے کے ساتھ اپنا وعدہ پُورا کرے گی۔

۵۸۔ زہریلے سانپ

منصورہ (موجودہ حیدرآباد سندھ) کے ایک باشندہ نے جو مانکیر آنا جاتا تھا (مانکیر[1] اور ساحل بلادِ لار یعنی مغربی مہاراشٹرا اور مغربی میسور کے درمیان سینکڑوں فرسخ کا فاصلہ ہے اور یہاں ولبھ رائے کی حکومت ہے) کہا کہ ہند کے بعض پہاڑوں میں ایسے چھوٹے زہریلے چتکبرے، ٹیالے رنگ کے سانپ ہوتے ہیں کہ اگر کسی انسان کو دیکھ لیں اور انسان اُن کو، تو موخرالذکر فوراً مر جاتا ہے" یہ سانپ بڑا ہی زہریلا ہوتا ہے ؟ مولف: اس کو چتکبرے پن کی وجہ سے مُکلّلہ کہتے ہیں (؟) اور یہ اتنا زہریلا ہوتا ہے کہ اگر اس کی نظر کسی جانور پر پڑے تو وہ مر جاتا ہے لیکن اگر وہ اس کے فوراً بعد کسی دوسرے جانور کو دیکھ لے تو پہلا بچ جاتا ہے اور دوسرا مر جاتا ہے کیونکہ زہر کا اثر دوسرے میں سرایت کر جاتا ہے، اس کو مُکلّلہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ دوسری صنف کے ایک سانپ پر سوار ہوتا ہے جو اُسے لئے پھرتا ہے۔

۵۹۔ جنوبی ہند کے شہر جُرفتّن کا ایک مندر

ابوالحسن محمد بن حرب نے مجھ سے کہا کہ شہر جُرفتن[2] کے باہر اُس سے کوئی ساڑھے چار میل دور ایک بڑا مندر ہے جس میں پتھر کی ایک بڑی مورتی رکھی ہے، مندر میں ساٹھ عورتیں ہیں جن کی جسم فروشی کی کمائی مندر کی ضروریات، مورتی کی دیکھ بھال اور مندر کے عملہ پر وقف ہے، اس

---

[1] اناہلواڑہ ولبھ رائے کا پایۂ تخت نربدا دریا سے ۵۸۰ میل جنوب ہیں۔ حدود العالم ص ۲۴۶ تصحیح و توضیح وی منارسکی ۱۹۳۷ء نقشہ دیکھئے۔ [2] متن میں مرس ہے جو غالباً جرفتن کی بگڑی ہوئی شکل ہو۔ جُرفتن شمالی مالابار کا ایک ساحلی شہر تھا۔ نقشہ دیکھئے

مندر ہیں جو پردیسی سفر کو جاتے یا سفر سے لوٹتے وقت آتے ہیں تو وہ ان عورتوں سے مفت اپنی جنسی ضرورت پوری کرتے ہیں، وہ اگر کسی عورت کو کچھ دیں تو وہ نہیں لیتی، اس منصوری نے کہا کہ میں نے بعض سادھوؤں (؟) کو کہتے سُنا کہ عورتوں کے وقف کا سبب یہ ہے کہ ایک راجہ کی رانی کا گزر جو ...... آرہی تھی ایک ناریل کے درخت کے پاس سے ہوا، درخت کے نیچے ایک شخص بیٹھا استمنا بالید کر رہا تھا، یہ دیکھ کر وہ ٹھہر گئی اور اس کے حاشیہ کے لوگ بھی رک گئے وہ ہاتھی پر سوار تھی، رانی کے حکم سے وہ شخص اس کے پاس لایا گیا، وہ آیا تو رانی نے اس سے کہا: "بھلے آدمی تجھے خدا کا کچھ خوف نہیں، تو اچھا خاصہ تندرست آدمی ہے اور یہ کام کرتا ہے؟" اس شخص نے کہا: کیا کروں مجبور ہوں" رانی: تو ایسے شہر میں ہے جہاں کسبیوں کی کوئی کمی نہیں، پھر بھی یہ حرکت کرتا شہر سے واپس جا رہا ہے" اس شخص نے کہا: میں پردیسی ہوں، میرے پاس کچھ نہیں ہے" رانی نے حکم دیا کہ اس کا جھاڑا لیں، جھاڑا لیا گیا تو واقعی اس کے پاس کچھ نہ نکلا۔ رانی کو بیچارہ کی یہ زبوں حالی دیکھ کر بڑا دکھ ہوا اور اس کی آنکھیں بھر آئیں، اس نے کہا: واقعی یہ پردیسی ہے اور مجبور، اس کے پاس پیسہ نہیں کہ کسبی کے پاس جائے، اس کی اور اس جیسے کنگلوں کی تکلیف کا گناہ ہمارے سر ہے" اس نے اپنے سکریٹری سے کہا: میں یہاں سے اس وقت تک نہیں ہلوں گی جب تک تم انجینیروں اور ٹھیکیداروں کو نہیں بلاؤ گے اور اس جگہ ایک مندر کا تخمینہ نہیں لوگے، مندر میں پردیسیوں اور مسافروں کے لئے کسبیاں رکھو جو رات کو ان کے ساتھ رہیں، اس طرح رانی نے مندر بنوایا اور اس میں مورتی رکھی، اور مسافروں کے لئے ساٹھ کنیزیں وقف کیں، جب کوئی کنیز بوڑھی ہو جاتی تو اس کی جگہ جوان رکھ دی جاتی، شہر کا کوئی آدمی یا مندر کا کوئی خدمتگار اگر ان سے جنسی ضرورت پوری کرتا تو اس کو فیس دینا ہوتی، لیکن پردیسیوں سے کچھ نہ لیا جاتا۔

۶۰۔ ایک سانپ کٹے کی دوبارہ زندگی

شیخ بہاء الدین بن سلامہ نے ہند کے دوسرے حالات کے ضمن میں مجھ سے یہ واقعہ بیان

ف یہاں چند بگڑے ہوئے لفظ ہیں جن کی اصلی شکل معلوم نہ ہو سکی۔

Marfat.com

کیا: ہم نے ایک بندر پر لنگر ڈالا جس کے ایک جانب کھیتی تھی، ہم کھیتی کے پاس فروکش ہوگئے، ہمارا ایک ساتھی جو بڑا تاجر اور مالدار آدمی تھا پیٹ کے بل لیٹ گیا، اس کا پیر پھیلا ہوا تھا، کھیت کے آخر سے ایک سانپ نکلا اور اس کا پیر ڈس لیا اس کے بعد سانپ جہاں سے آیا تھا وہاں چلا گیا تاجر بیہوش ہوگیا، ہم نے اس کو پلانے کے لئے تریاق نکالنا چاہا کہ ایک مقامی آدمی نے کہا: تریاق سے کام نہیں چلے گا اگر اپنے ساتھی کی زندگی چاہتے ہو تو سانپ کے منتر والے کو بلاؤ" ہماری درخواست پر وہ خود ایک شخص کو جو سانپ کے کاٹے کا منتر جانتا تھا بلا لایا، منتر والے نے سو دینار (اس وقت کی شرح سے تیرہ چودہ سو روپے) فیس مانگی، ہم دینے کے لئے تیار ہوگئے، اُس نے ابھی منتر کے چند بول پوری طرح زبان سے ادا بھی نہ کئے تھے کہ سانپ آگیا، منتر والا: اس سے کوئی کچھ نہ بولے، سانپ مارگزیدہ کے پاس گیا اور وہ جگہ چوسی جہاں اُسے کاٹا تھا، اس کے بعد وہ لوٹ گیا، مارگزیدہ کھڑا ہوگیا گویا اُس کے کچھ ہوا ہی نہ تھا، ہم نے سو دینار ادا کر دیئے، ہمیں منتر کی کرامات پر بڑی حیرت ہوئی، ہم نے وہ جگہ چھوڑ دی اور بندرگاہ لوٹ آئے۔

۶۱۔ کشمیر کا الماس

مجھ سے ایک شخص نے جو ہند کا سفر کرچکا تھا بیان کیا: میں نے سُنا کہ اعلیٰ قسم کا نادر اور قیمتی الماس کشمیر میں پایا جاتا ہے، وہاں دو پہاڑوں کے بیچ ایک وادی ہے جس میں گرمی ہو یا جاڑا ہر موسم میں چوبیس گھنٹہ آگ جلتی ہے اور اسی وادی میں الماس ہوتا ہے، ہند کے صرف نیچ ذات کے کچھ لوگ اپنی جان ہتیلی پر رکھ کر اس وادی میں جاتے ہیں اور دُبلی بکریاں ذبح کرکے گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرتے ہیں اور غلیلوں میں رکھ کر ایک ایک ٹکڑا پھینکتے ہیں، وہ خود آگ کے پاس نہیں جاسکتے، ایک تو اس وجہ سے کہ آگ کی لپٹ بہت تیز ہوتی ہے اور دوسرے لاتعداد سانپ اور اژدھے آگ کے قریب ہوتے ہیں جو منٹوں میں آدمی کا خاتمہ کر دیتے ہیں، جب یہ لوگ گوشت پھینکتے ہیں تو اس کو اُٹھانے گِدھ اُترتے ہیں جو کثرت سے وہاں ہیں، اگر گوشت آگ سے

دور گرتا ہے تو وہ اسے اٹھا لیجاتے ہیں، یہ لوگ جب دیکھتے ہیں کہ گدھ نے گوشت اٹھا لیا تو اُس کا پیچھا کرتے ہیں، کبھی گوشت کے ٹکڑوں سے الماس کا کوئی دانہ گر پڑتا ہے، کبھی گوشت کا ٹکڑا آگ میں گرتا ہے اور جل جاتا ہے، کبھی ایسا ہوتا ہے کہ گدھ گوشت کے ٹکڑے پر اُترتا ہے اور وہ ٹکڑا آگ کے قریب ہوتا ہے تو وہ گوشت کے ساتھ خود بھی جل جاتا ہے، کبھی گدھ ٹکڑا زمین پر گرنے سے پہلے ہی اُچک لیتا ہے، ان صورتوں میں سے جو بھی پیش آئے بہرحال الماس حاصل کرنے کا طریقہ یہی ہے، الماس کی مہم پر جانے والے اکثر سانپوں اور اژدہوں کا لقمہ بن جاتے ہیں اور چونکہ الماس بڑا انمول اور قیمتی پتھر ہے اس علاقہ کے راجاؤں میں اُن کی بڑی مانگ ہے، وہ الماس کی مہم پر جانے والوں کی فکر میں رہتے ہیں اور اُن کا بڑا سخت جھاڑ لیتے ہیں۔

۶۲۔ جنوبی ہند میں قرض وصول کرنے کا طریقہ

ہند کے بعض علاقوں (غالباً جنوب) میں یہ رسم ہے کہ اگر کوئی کسی کا مقروض ہوا اور قرض خواہ اُس کے پیچھے پڑنا چاہے تو وہ اُس کے پاس آتا ہے اور کہتا ہے: تم بادشاہ کے ہاتھ میں یا پیر میں ہو! یہ سُنکر قرضدار کو سب کام بند کرنا پڑتے ہیں، وہ قرض خواہ کے پاس آ بیٹھتا ہے، اس کی دوکان یا اس کے گھر یا مندر یا مسجد میں، ہندوستان میں ہندوؤں کو مسجد میں آنے کی اجازت ہے، قرض خواہ اور قرض دار دونوں کھانا نہیں کھاتے (یہاں تک کہ قرض ادا نہ ہوجائے) کبھی بادشاہ وقت کسی تاجر کا مقروض ہوتا ہے اور قرض ادا کرنے میں لیت ولعل کرتا ہے تو تاجر اس سے کہتا ہے: بادشاہ سلامت! آپ اپنے ہاتھ میں یا سر میں یا اپنے ماں یا باپ کے سر میں (ماں باپ کا حوالہ اسوقت جب وہ زندہ ہوں) یہ الفاظ سنکر بادشاہ کو سارے کام چھوڑنا پڑتے ہیں اور جب تک وہ قرض ادا نہ کردے کھانا نہیں کھا سکتا، کھانے کا اطلاق صرف چاول پر ہوتا ہے، دوسرے کھانوں پر نہیں۔

۶۳۔ ایک بھیانک خودکشی

مجھ سے ایک راوی نے بیان کیا کہ اُس نے صندابور[1] میں ایک شخص دیکھا جو شہر کا گشت کر رہا تھا

[1] موجودہ ریاست مہاراشٹر کا تجارتی بندرگاہ، بمبئی کے جنوب میں۔

اور اُس کے آگے آگے ڈھول، لاٹھیاں اور بہت سے لوگ تھے، اُس نے اپنے سر میں ایک سوراخ کیا تھا اور دوسرا دل میں اور دونوں جگہ گڑھا سا بنا کر بتی جلا دی تھی اور ایک لوہے کے کنستر سے تیل ڈالتا تھا اور دونوں جگہ لوہے کی دو میخیں ٹھوک دی تھیں، یہ دردناک ہیئت بنا کر وہ تمبا کو چبا تا گلی گلی پھر رہا تھا دوسرے دن اُس کی حالت بے انتہا گر گئی اور وہ آگ میں جل کر مرگیا۔

۴۷۔ سدھائے ہوئے ہاتھی

متعدد لوگوں نے مجھے بتایا کہ انھوں نے ہند کے کسی شہر میں ہاتھی دیکھا جو اپنے مالک کے کام کاج کرتا تھا، ہاتھی کو سودے کا برتن دیا جاتا اور اُس میں کوڑیاں جن کے ذریعہ خرید و فروخت ہوتی، رکھ دی جاتیں اور مطلوبہ چیز کا نمونہ جیسے مرچ، چاول یا کوئی دوسری چیز از قسم سامان، برتن لیکر ہاتھی بنیئے کی دوکان پر جاتا، بنیا اس کو دیکھ کر سب کام چھوڑ دیتا اور سارے گاہکوں کو ہٹا دیتا برتن لیتا، کوڑیاں گنتا اور نمونے دیکھتا، پھر ہاتھی کو نہایت سستے داموں چیزیں دیتا اور سب سے بڑھیا، کبھی بنیا کوڑیاں گنتا اور گننے میں غلطی کرتا تو ہاتھی سونڈ سے کوڑیوں کو الٹ پلٹ دیتا، تب بنیا دوبارہ گنتا، ہاتھی سودا لیکر لوٹ جاتا، کبھی اُس کا مالک چیز کو کم سمجھ کر ہاتھی کو مارتا تو وہ پھر بنیئے کی دوکان کو واپس جاتا اور اُس کا سامان اُلٹ پلٹ اور گڈ مڈ کر دیتا، بنیا یا تو چیز بڑھا دیتا یا کوڑیاں لوٹا دیتا۔ ایسا سدھا ہاتھی جھاڑو دیتا ہے، بستر کرتا ہے، اوکھلی کو سونڈ میں پکڑ کر دھان کوٹتا ہے اور ایک آدمی اس کے لیئے دھان جمع کرتا جاتا ہے، اس کے علاوہ وہ چاول پیستا ہے، پانی پلاتا ہے پانی کے برتن میں ایک رسّی پڑی ہوتی ہے اس میں سونڈ ڈال کر اُٹھا لیجاتا ہے اور سب کام کاج کر لیتا ہے، لمبے سفر کے موقع پر اس کا مالک اُس پر سوار ہو کر جاتا ہے، چھوٹا لڑکا اس کی پیٹھ پر بیٹھ کر اُسے جنگل لیجاتا ہے، ہاتھی سونڈ سے گھانس اور پتّے توڑتا ہے اور لڑکے کو دیتا جاتا ہے اور وہ انھیں ایک کپڑے میں رکھتا جاتا ہے، یہ چارا ہاتھی اُٹھا کر گھر لیجاتا ہے اور وہاں کھاتا ہے۔ ایسا سدھا ہاتھی مہنگا ہوتا ہے اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس کی قیمت دس ہزار درہم (پانچ ہزار روپئے) ہوتی ہے۔

۶۵- مگرمچھ خور سانپ

مجھ سے جعفر بن راشد نے جو بلادِ ذہب (مشرقی ممالک) کا ایک مشہور بحری کپتان تھا صیمور کے ایک تاجر کے حوالہ سے بیان کیا کہ وہاں کی کھاڑی میں ایک سانپ آیا اور ایک بڑے مگرمچھ کو نگل گیا یہ خبر گورنر صیمور کو پہونچی تو اس نے سانپ پکڑنے کے لئے لوگ مامور کئے، جن کی تعداد بڑھتے بڑھتے تین ہزار سے زیادہ ہو گئی، آخرکار انھوں نے سانپ پکڑ لیا اور اس کی گردن میں رسیاں باندھیں، بہت سے سپیرے آ جمع ہوئے اور انھوں نے اس کے دانت اکھیڑ دیئے، پھر اس کو رسیوں کے ذریعہ سر سے دُم تک ساگون کے شہتیروں میں باندھا اور اس کی پیمائش کی تو ذراع عُمری[1] (ذراع تقریباً دو فٹ) سے چالیس ذراع نکلا، لوگ اُسے بہنگیوں میں اٹھا لے گئے، اس کے وزن کا اندازہ کئی ہزار پونڈ کیا گیا، یہ ۳۴۲ھ کا واقعہ ہے۔

۶۶- ایک نوجوان کی خودکشی

عبدالواحد حسین فسوی نے مجھ سے بیان کیا: میں نے جُرفتّن میں ایک خوش رو اور خوش اندام مسلمان لڑکے کو دیکھا جو ہندی نژاد تھا اور جس کے طور طریق ہندوانہ تھے کہ وہ ہاتھ میں لاٹھی لئے سارے شہر میں گھوما کرتا اور اس کے آگے آگے ڈھول اور بگل بجانے والے ہوتے، میں نے اس سے پوچھا: کیا بات ہے تو اس نے کہا: میں نے ایک ہندو سے شرط بدی ہے کہ خودکشی کرلونگا" میں اس کے ساتھ خیراندیشی سے پیش آیا اور نرمی سے سمجھایا کہ اپنے ارادہ سے باز آئے لیکن وہ نہ مانا اور بولا: یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ میں شرط پوری نہ کروں" میں نے کہا تم مسلمان ہو اور تمہارے اس فعل سے مسلمان بدنام ہونگے، خدا سے ڈرو اور خود کو جہنم میں مت دھکیلو" میرا کہا کچھ کام نہ آیا، دوسرے دن راجا اور شہر کے لوگ جُرفتّن میں جمع ہوئے اور لڑکا اکڑتا پان چباتا آیا، اس کے جسم پر دو کپڑے تھے ایک کرتا اور ایک دھوتی، اس نے وہاں کی مسجد کا چکر لگایا اور اس کو سجدہ

[1] خلیفہ عمر بن خطابؓ کا مقرر کیا ہوا یعنی ایک ذراع + ایک مٹھی + کلمہ کی ایک کھڑی انگلی۔

کیا، پھر دونوں کپڑے اپنے دو ساتھیوں کو دیدیئے اور لکڑی کی ایک کرسی پر چڑھا جو اس کے لئے بنائی گئی تھی، اُس نے دو لکڑیوں پر ہاتھ پھیلائے ...... (؟) اپنے بال ایک بانس کے سرے سے باندھے اور دوسرے دو بانسوں کے سروں سے اپنے پیروں کے انگوٹھے، پھر اُس کے پاس ایک شخص آیا، جس کے ہاتھ میں کلہاڑی تھی، پانچ سیر پھل کی، اُسترے سے زیادہ تیز، اُس نے لڑکے کی پنڈلی پر کلہاڑی ماری اور پیر مع پنڈلی کے بانس کے سرے سے لٹک گیا، دوسرا پیر بھی اُسی طرح اُس نے کاٹ دیا، پھر اُس نے آرا لڑکے کے دوسرے کندھے پر رکھا اور اس کو بھی پہلے کی طرح کاٹ دیا، اب سر مع گردن اور سینے کے بانس کے سرے سے لٹک گیا، لڑکے کے گھر والے آگئے اور انھوں نے اُس کے جسم کے ٹکڑوں کو جمع کر کے **دفن کر دیا**۔

۶۷ — ستی کی رسم

ہند میں ایسے رسم و رواج ہیں جن پر اہل ہند عادۃً عمل کرتے ہیں، کچھ رسمیں عقائد کی حیثیت رکھتی ہیں، کچھ ایسی ہیں جن کو سب نے تسلیم کر لیا ہے، کچھ ایسی ہیں جن کو بعض فرقے مانتے ہیں اور بعض نہیں مانتے اور کچھ ایسی ہیں جن کو بعض لوگ اچھا سمجھتے ہیں اور بعض برا، یہ رسمیں اتنی زیادہ ہیں کہ ان کی تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں، مثال کے طور پر چند نمونے پیش کیے جاتے ہیں:۔ ایک رسم یہ ہے کہ لوگ اپنا جسم آگ میں جلاتے ہیں، یہ رسم سارے ہند میں پائی جاتی ہے۔ جب کوئی آگ میں جلنا چاہتا ہے یا تو اس وجہ سے کہ بہت بوڑھا ہو گیا ہے یا اس وجہ سے کہ اُس نے کسی سے شرط لگائی ہے یا نا راضگی کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے، تو جلنے سے تین دن پہلے شہر کا گشت لگاتا ہے، اس کے آگے آگے ایک ڈھول بجتا جاتا ہے، اس کے ہاتھ میں ایک ڈنڈا ہوتا ہے اور اس کے ہمراہ عزیزوں اور حمایتیوں کی ایک جماعت ہوتی ہے، ان تین دنوں میں وہ جلانے کے لئے تیل اور ایندھن جمع کرتا ہے جب تیسرا دن آتا ہے تو جمع کی ہوئی لکڑی کا ڈھیر لگا کر اس میں آگ لگائی جاتی ہے اور اُس پر تیل

ـلہ معلوم ہوتا ہے یہاں کچھ عبارت کتابت سے رہ گئی ہے۔

چھڑکا جاتا ہے، جلنے والا لوہے کے ایک طباق یا تھال میں بیٹھتا ہے اور خود کو آگ میں جلا ڈالتا ہے اس کے عزیز و اقارب گرز لیے اس کے ارد گرد کھڑے ہوتے ہیں، اگر وہ آگ سے نکلنے کی کوشش کرتا ہے تو گرزوں سے اس کو اندر دھکیل دیتے ہیں، اس کے سارے عزیز و احباب جو اس کے آس پاس جمع ہوتے ہیں اس سے ان لوگوں کے نام لے کر جو مر چکے ہیں یا آگ میں پہلے جل چکے ہیں، کہتے ہیں: فلاں سے ہمارا سلام کہنا، فلاں کو یہ پیغام پہونچا دینا۔

۶۸۔ تناسخ پر اعتقاد

اہل ہند تناسخ کے قائل ہیں، ان کا عقیدہ ہے کہ انسان مرنے کے چالیس دن بعد دنیا میں واپس آجاتا ہے، لیکن اس کی روح کتے یا گدھے یا ہاتھی، یا کسی اور جانور کے جسم میں حلول کر جاتی ہے

۶۹۔ بادشاہوں کی فرماں برداری

اہل ہند اپنے بادشاہوں کے بے حد فرماں بردار ہوتے ہیں، کبھی بادشاہ کسی سے کہتا ہے: جا اپنا سر مجھے بھیج دے!" تو وہ (بے چون وچرا) جاتا ہے اور کسی درخت کی ٹہنی یا بانس کا سرا کھینچتا ہے اور اپنے بالوں کی لٹ اس سے باندھ دیتا ہے، پھر ایک نہایت خنجر سے جو پانی کی طرح رواں ہوتا ہے، اپنا سر کاٹ ڈالتا ہے، اس کا سر درخت میں لٹک جاتا ہے اور جسم زمین پر آ گرتا ہے۔ ہند کے ہر راجہ کے دربار میں اس کے رتبہ اور حیثیت کے مطابق فدائیوں کی ایک جماعت ہوتی ہے، اگر راجہ مر جائے یا قتل کر دیا جائے یا کوئی اور حادثہ اس کے ساتھ پیش آئے تو یہ فدائی خود کو قتل کر ڈالتے ہیں اور اگر راجہ بیمار ہو تو خود بھی بیمار ہو جاتے ہیں بلکہ جو عارضہ بھی اس کو لاحق ہو وہی اپنے اوپر لاحق کر لیتے ہیں۔

۷۰۔ مردہ خوری

اہلِ ہند مردہ کھاتے ہیں، وہ بکری یا پرند کا سر پھوڑتے ہیں اور جب وہ مرجاتا ہے تو اس کو کھالیتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ صیمور یا سوبارہ[۵۱] کا ایک بڑا آدمی مُردہ چوہے کے پاس سے گذرا تو اُس نے چوہے کو اُٹھالیا اور اپنے لڑکے یا نوکر کو دیا اور گھر جاکر اس کو کھالیا، اہلِ ہند کے نزدیک چوہے کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے۔

۷۱۔ ٹھگ

بلادِ ہند میں ٹھگ ہوتے ہیں، وہ ٹولیاں بناکر شہر شہر پھرتے ہیں اور مالدار تاجروں پر خواہ وہ ملکی ہوں یا پردیسی ہاتھ صاف کرتے ہیں، تاجر کو اس کے گھر جاکر یا بازار یا راستہ میں خنجر دکھاکر پکڑ لیتے ہیں اور کہتے ہیں: اتنا اتنا دلواؤ ورنہ قتل کردیں گے، اگر بچانے کے لئے کوئی آدمی یا حکومت کا فوجی آتا ہے تو اسے قتل کردیتے ہیں۔ تاجر کے سامنے انھیں اپنے قتل ہونے کی پرواہ نہیں ہوتی اور بعد میں اگر ان کو اپنے ہاتھوں خود کو قتل کرنا پڑے تب بھی وہ اس کی پرواہ نہیں کرتے، جب وہ کسی سے روپیہ طلب کرتے ہیں تو جان کے خوف سے کسی کی ہمّت نہیں ہوتی کہ اُن سے بات کرے یا اُن کے آڑے آئے، تاجر یا مالدار آدمی اُن کے ساتھ ساتھ رہتا ہے اور وہ جہاں چاہتے ہیں، اس کے بازار، دکان یا اس کے باغ میں بیٹھ جاتے ہیں اور مالدار آدمی مقررشدہ روپیہ اور سامان جمع کرتا ہے، اس اثنا میں وہ ننگے خنجر لئے کھاتے پیتے رہتے ہیں، تاجر یا مالدار آدمی جب طے شدہ مال و متاع جمع کرلیتا ہے تو اس کو اٹھانے کے لئے قلی فراہم کرتا ہے اور ٹھگوں کی حراست میں اُن کے ساتھ ساتھ ہوجاتا ہے، حتیٰ کہ وہ محفوظ جگہ پہنچ جاتے ہیں، وہاں وہ تاجر کو چھوڑ دیتے ہیں اور مال و متاع پر قبضہ جمالیتے ہیں۔

---

[۵۱] تجارتی بندرگاہ موجودہ بمبئی کے شمال میں۔

Marfat.com

۷۲۔ ایک زہریلا سانپ

ایک ملاح نے سانپوں کے حیرت انگیز حالات کے ضمن میں ایک سانپ کا ذکر کیا جسے ناعزان کہتے ہیں، اُس کے جسم پر نقطے ہوتے ہیں اور سر پر سبز رنگ کی صلیب سی بنی ہوتی ہے، یہ اپنی جسامت کے لحاظ سے اپنے سر کو زمین سے ایک یا دو ہاتھ اونچا اُٹھاتا ہے اور پھر اس کو اتنا پھلاتا ہے کہ یہ پھول کر خرگوش کے سر کی طرح ہو جاتا ہے، یہ سانپ اتنا تیز بھاگتا ہے کہ اس کو کوئی نہیں پکڑ سکتا اور اگر وہ خود پکڑنا چاہے تو تیز سے تیز بھاگنے والے کو پکڑ لیتا ہے، جب کسی کو ڈستا ہے تو مار ڈالتا ہے، کولم ملی[1] میں ابن خالد نامی ایک مسلمان ہے، صوم وصلوٰۃ کا پابند، اس کو وہاں کے لوگ بنجی کہتے ہیں، وہ اس سانپ کے کاٹے کا منتر کرتا ہے، کبھی کبھی اگر مار گزیدہ کے خون میں زہر زیادہ جڑ پکڑ لیتا ہے تو منتر کا اثر نہیں ہوتا لیکن زیادہ تر وہ لوگ بچ جاتے ہیں جن پر بنجی منتر کرتا ہے، اس سانپ اور دوسرے سانپوں اور اژدہوں کے کاٹے کا یہاں کے بہت سے ہندی بھی منتر کرتے ہیں، لیکن بنجی کا منتر کم ہی خطا کرتا ہے۔

۷۳۔ سندان کا ایک واقعہ

ایک سیاح نے بیان کیا: سندان[2] میں میں نے ایک ہندی کو دیکھا کہ وہ ایک مکان کے نیچے سے ہو کر گذر رہا تھا تو اس کے کپڑوں پر پیشاب گرا، وہ رکا اور جھنجھلا کر بولا: یہ کون ہے جس نے میرے اوپر ہاتھوں کا دھووَن یا کلی کا پانی پھینکا ہے؟ ہاتھوں کا دھووَن یا کلی کا پانی اہل ہند کی نظر میں بہت ہی گندی چیزیں ہیں، اس کے احتجاج پر اہل خانہ نے کہا: یہ تو بچہ کا پیشاب ہے، یہ سنکر اس کا غصہ ٹھنڈا ہوا اور بولا: بھلا اور چلا گیا۔ اہل ہند کلی یا ہاتھ کے دھووَن سے پیشاب کو زیادہ پاک وصاف سمجھتے ہیں۔

ایک ہندی قضائے حاجت کرکے ثلاج میں داخل ہوتا ہے، ثلاج اس تالاب کو کہتے ہیں جو

[1] ایک تجارتی بندرگاہ جو موجودہ ریاست کیرالا میں واقع تھا۔ [2] بمبئی کے شمال کا ساحلی شہر

پہاڑوں اور میدانوں کے پانی سے برسات میں بن جاتا ہے، اس میں غسل اور استنجا کرتا ہے، غسل سے فارغ ہو کر وہ منھ میں کلی کا پانی لئے تالاب سے باہر آجاتا ہے اور کلی زمین پر کرتا ہے، اس کا خیال ہے کہ تالاب میں کلی کرنے سے پانی خراب ہو جائے گا۔

۴۷۔ ایفاءِ عہد

ایک ایسے شخص نے جو ہند کے حالات سے خوب واقف ہے بیان کیا کہ ہند کا ایک بڑا بادشاہ کھانا کھا رہا تھا اور اس کے سامنے پنجرا لٹک رہا تھا جس میں طوطا تھا، بادشاہ نے طوطے سے کہا: آ میرے ساتھ کھانا کھا۔ طوطا بولا: مجھے بلّی کا ڈر ہے۔ بادشاہ: أنا بلا وجرك!" ہندی زبان میں اس کے معنیٰ ہیں کہ اگر تجھے کوئی گزند پہنچا تو ویسا ہی میں اپنے کو پہنچاؤں گا، اس لفظ کی زیادہ واضح تفسیر یہ ہے کہ جب ہند کے کسی بادشاہ کے پاس اس کی حیثیت اور مرتبہ کے مطابق لوگ آکر کہتے ہیں: نحن بلا وجرك!" تو بادشاہ ان کو اپنے دستِ خاص سے چاول اور پان دیتا ہے، اس کے بعد آنیوالوں کا ہر فرد اپنی چھنگلی کاٹ ڈالتا ہے اور بادشاہ کے سامنے (عہدِ جانسپاری کے طور پر) رکھ دیتا ہے، اس کے بعد جہاں کہیں بادشاہ جاتا ہے یہ لوگ اس کے ساتھ جاتے ہیں، جو وہ کھاتا پیتا ہے وہی یہ کھاتے پیتے ہیں، اس کے کھانے کی نگرانی کرتے ہیں، اس کے سارے معاملات کی دیکھ بھال کرتے ہیں، بادشاہ کی کوئی بھتیجی یا غلام یا کنیز اگر اس سے ملنے آئے تو یہ اس کا جھاڑا لیتے ہیں، بادشاہ کا بستر دیکھتے ہیں (کہ اس میں کسی نے زہر قاتل تو نہیں چھپا دیا) اس کے پاس کھانے پینے کی کوئی چیز آئے تو لانے والے سے کہتے ہیں کہ پہلے تم کھاؤ۔ غرض یہ کہ اس طرح کی اور بہت سی باتوں کی جن سے بادشاہ کو خطرہ ہوتا ہے، دیکھ بھال کرتے ہیں اور اگر بادشاہ مرتا ہے تو یہ خود بھی مر جاتے ہیں، اگر وہ جل کر جان دیتا ہے تو یہ بھی جل مرتے ہیں، اگر وہ بیمار ہوتا ہے تو یہ بھی اپنے جسم کو طرح طرح کی تکلیفیں پہونچاتے ہیں، اگر وہ دشمن سے لڑنے جاتا ہے یا دشمن اس سے لڑتا ہے تو یہ پروانہ وار اس کے ساتھ رہتے ہیں، ضروری ہے کہ "بلاوجریہ" شہر کے معزز اور وجیہ

لوگ ہوں، یہ ہے "بلا وجریہ" کی حقیقت ۔

جب بادشاہ نے طوطے سے کہا "اَنا بلا وجرک" تو طوطا پنجرے سے اُتر کر کھانا کھانے دسترخوان پر آیا، بلی نے اُسے آدبوچا اور گردن کاٹ لی، بادشاہ نے ایک تھال میں طوطے کا دھڑ اور اس کے ساتھ کافور، الائچی دانے، پان، چونا اور چھالیہ رکھا پھر ہاتھ میں تھالی لئے ڈھول پٹواتا ہوا نکلا اور شہر اور فوج کا گشت لگایا، اس کے بعد وہ روز تھال لیکر شہر کا طواف کیا کرتا، جب دو سال گذر گئے تو "بلا وجریہ" اور دوسرے اعیانِ حکومت بادشاہ کے پاس آئے اور کہا:۔ یہ بڑی نامناسب بات ہے، طوطے کو مرے اتنا عرصہ گذر گیا، آپ کب تک ٹالیں گے؟ یا تو اپنی ذمہ داری پوری کیجئے اور اگر آپ اس کے لئے تیار نہ ہوں تو ہمیں بتایئے تاکہ ہم آپ کو گدی سے اُتار کر کسی دوسرے کو بادشاہ بنائیں، کیونکہ جو شخص "اَنا بلا وجرک" کہہ کر اپنی ذمہ داری ٹالے یا اس سے گریز کرے وہ چنڈال ہو جاتا ہے، چنڈال اس نیچ ذات آدمی کو کہتے ہیں جس کو اس قابل نہیں سمجھا جاتا کہ اُس کے خلاف کوئی قانونی کارروائی کی جائے، جیسے گانے والا، شہنائی بجانے والا، اور اسی طرح کے دوسرے لوگ، ایفائے عہد کے معاملہ میں بادشاہ اور پرجا سب برابر ہیں، بادشاہ نے یہ احتجاج سنکر تیل، صندل اور گھی جمع کیا اور ایک گڑھا کھدوایا جس میں یہ چیزیں جلائی گئیں، پھر وہ گڑھے میں کود اور جل کر مر گیا، اس کے ساتھ اس کے "بلا وجریہ" فدائی اور ان فدائیوں کے فدائی اور پھر اُن کے فدائی بھی جل کر خاک ہو گئے، اس طرح کُل ملا کر دو ہزار آدمیوں نے جان دی اور اس کا سبب طوطے سے بادشاہ کا یہ کہنا تھا "أَنَا بِلا وَجْرَك"

۷۵۔ چار ہزار برس پُرانی ٹھلیا

کشمیر میں ہر سال ایک میلہ ہوتا ہے جس میں مقامی لوگ جمع ہوتے ہیں، اُن کا ایک مقرر منبر پر آتا ہے اور اس کے ساتھ ایک کچی ٹھلیا ہوتی ہے، وہ ناصحانہ تقریر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اپنی جان و مال کی حفاظت کرو، اس ٹھلیا کو دیکھو اس کی نگہداشت کی گئی تو یہ اب تک باقی ہے

اہلِ کشمیر کے نزدیک یہ ٹھلیا چار ہزار برس پُرانی ہے۔

۷۶۔ "مُلکِ رَا"[1] کا خفیہ اسلام

ابو محمد حسن نے کہا کہ ۲۸۸ھ میں جب منصورہ (حیدرآباد سندھ) میں تھا تو وہاں کے ایک ثقہ شیخ نے مجھ سے بیان کیا کہ "ملک را" نے جو شاہانِ ہند میں سب سے بڑا بادشاہ ہے اور جس کی حکومت کشمیر بالا اور کشمیر زیریں[2] کے درمیان واقع ہے اور جس کا نام مہروک بن رایق ہے، ۲۷۰ھ میں منصورہ کے سلطان عبداللہ بن عمر بن عبدالعزیز کو لکھا کہ مجھے ہندی زبان میں اسلام کے اصول و آئین لکھ بھیجیے، سلطان نے ایک شخص کو بلایا جس کا آبائی وطن تو عراق تھا لیکن جو پلا بڑھا ہندوستان میں تھا اور ہند کی مختلف زبانیں جانتا تھا، ساتھ ہی تیز فہم اور شاعر بھی تھا، اس سے سلطان نے "ملک را" کی فرمائش پوری کرنے کو کہا، اُس شخص نے ایک قصیدہ نظم کیا جو اسلام کے ضروری اصول و شعائر پر مشتمل تھا، سلطان نے وہ قصیدہ "ملک را" کو بھیج دیا، جب "ملک را" نے قصیدہ سُنا تو وہ محظوظ ہوا، اُس نے سلطانِ منصورہ کو لکھا کہ میرے پاس ناظم قصیدہ کو بھیج دیجیے، سلطان نے اس کی خواہش پوری کر دی، ناظمِ قصیدہ تین سال تک "ملک را" کے پاس رہا، جب وہ لوٹا تو سلطان منصورہ نے اس سے "ملک را کے حالات پوچھے تو اُس نے کہا کہ میں نے اس کو اس حالت میں چھوڑا ہے کہ اس کا دل اور زبان مسلمان ہو چکے ہیں، لیکن اس نے کھلم کھلا اپنا اسلام ظاہر نہیں کیا ہے، اس خوف سے کہ اس کا اقتدار حکومت جاتا رہے گا اور اس کو حکومت سے ہاتھ دھونا پڑے گا "ملک را" کی باتوں کے ضمن میں اس نے ایک بات یہ کہی کہ بادشاہ نے مجھ سے قرآن کی تفسیر ہندی میں بیان

---

[1] وسطی و جنوب مغربی ہند کے رشٹر کوٹا خاندان (آٹھویں تا دسویں صدی عیسوی) کا تاجدار، قدیم مسلمان سیاح اور وقائع نگار ولبھ رائے (عربی: بلہرا) کو اس خاندان کا سب سے بڑا راجہ بتاتے ہیں، سلیمان تاجر نے لکھا ہے کہ بلہرا دنیا کا چوتھا سب سے بڑا اور ہند کا سب سے ممتاز اور طاقتور بادشاہ تھا، ہند کے اکثر خود مختار راجہ اُس کی عظمت کے معترف تھے، جب اس کے ایلچی کسی راجہ کے پاس جاتے تو وہ بلہرا کی تعظیم کے طور پر ایلچی کو سجدہ کرتے تھے، اس خاندان کے متعدد راجاؤں نے پچاس پچاس برس تک حکومت کی۔ سلسلۃ التواریخ پیرس ۱۸۱۱ء ص ۲۶ - [2] دکن پلیٹو۔

